150mL والے چار مخروطی فلاسک 50mL پیمائشی سلنڈر تھرمامیٹر 10 سے 110^oC اسٹاپ وارچ بنسن برنر ٹرائی پوڈ اسٹینڈ تار کی جالی	ڈائی لیوٹ 1M - HCl سوڈیم تھایوسلفیٹ محلول 0.1 M-

8.3 تجربہ کو کس طرح انجام دینا ہے

(a) ارتکاز کا اثر Effect of Concnetration

تین عدد صاف اور خشک مخروطی فلاسک لیجیے اور ان کی 1، 2 اور 3 سے نشاندہی کیجیے۔ اگر ضروری ہو تو فلاسک کو ڈائی لیوٹ

نائٹرک ایسڈ سے صاف کیجیے اور پھر پانی سے اچھی طرح دھو لیجیے۔ پیمائشی سلنڈر کی مدد سے مخروطی فلاسک-1 میں 30mL کشیدہ پانی لیجے جبکہ فلاسک نمبر 2 اور 3 ہر ایک میں 20 کشیدہ پانی لیجیے۔ پیمائشی سلنڈر کو سوڈیم تھایوسلفیٹ کے محلول سے کھنگا لیے اور فلاسک نمبر 1 اور 2 ہر ایک میں 10mL جبکہ فلاسک نمبر 3 میں 20mL سوڈیم تھایوسلفیٹ محلول ملائیے۔ بال پوائنٹ پین کی مدد سے سفید کاغذ پر ایک کراس کا نشان بنائیے۔ اسے میز پر رکھ دیجیے اور پھر اس کے اوپر فلاسک نمبر 1 کو اس طرح رکھیے کہ یہ کراس کے نشان کو ڈھک لے۔ کاغذ پر فلاسک کو رکھنے سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیے کہ فلاسک کا پیدا اور باہری حصہ خشک ہو۔ اگر یہ بھیگا ہوا ہے تو فلٹر پیپر کی مدد سے اسے صاف کر لیجیے۔ پیمائشی سلنڈر کو پانی سے دھوئے اور پھر اسے ہائڈروکلورک ایسڈ سے کھنگالیے۔ اب 10mL ہائڈروکلورک ایسڈ کو فلاسک نمبر 1 میں ملائیے۔ محلولوں کو آمیزش کے لیے اسے ہلائیے اور اسی وقت اسٹاپ واچ کو شروع کر دیجیے۔ فلاسک کو سفید کاغذ پر رکھیے اور محلول کے اندر سے جھانکتے ہوئے کراس کے نشان کو دیکھیے جیسے ہی کراس کا نشان غائب ہو جائے اسٹاپ واچ کو بند کر دیجیے۔ وقفہ اور اس کی معکوس مقدار کو جدول 9.1 میں ریکارڈ کیجیے۔ اگلی ریڈنگ کے لیے اسٹاپ واچ کو صفر پر سیٹ کر دیجیے۔ اس طریقہ کو پھر سے دوہرائیے، پہلے فلاسک نمبر 2 میں 20ml ہائڈروکلورک ایسڈ ملائیے اور پھر فلاسک نمبر 3 میں 10mL ہائڈروکلورک ایسڈ ملائیے۔ ریڈنگ کو جدول 8.1 میں درج کیجیے۔

(b) درجہ حرارت کا اثر

تین عدد صاف اور خشک مخروطی فلاسک لیجیے اور ان کی نشاندہی 1، 2 اور 3 کے طور پر کیجیے۔ اگر ضروری ہو تو فلاسک کو ڈائی لیوٹ نائٹرک ایسڈ سے صاف کیجیے اور پھر پانی سے اچھی طرح دھو لیجیے۔ ایک صاف پیدائشی سلنڈر کی مدد سے ہر ایک فلاسک میں 301 کشیدہ پانی ملائیے۔ پیمائشی سلنڈر کو سوڈیم تھایوسلفیت محلول سے کھنگالیے اور پھر ہر ایک مخروطی فلاسک میں 10mL سوڈیم تھایوسلفیت محلول ملائیے۔ بال پوائنٹ پین کا استعمال کر کے سفید کاغذ پر ایک کراس کا نشان بنائیے اور اسے میز پر رکھ دیجیے۔ پیمائشی سلنڈر کو پانی سے دھوئے اور پھر ہائڈروکلورک ایسڈ سے کھنگالیے۔ ایک اور مخروطی فلاسک (مذکورہ بالا تینوں فلاسک کے علاوہ) لیجیے اور اس میں پیمائشی سلنڈر کی مدد سے 10ml ہائڈروکلورک ایسڈ ملائیے۔

دونوں فلاسک (فلاسک نمبر 1 جس میں $Na_2S_2O_3$ ہے اور دوسرا جس میں HCl موجود ہے) کو ٹرائی پوڈ پر رکھی ہوئی تار کی جالی کے اوپر رکھ کر علیحدہ علیحدہ 40^oC تک گرم کیجیے۔ فلاسک نمبر 1 کو سفید کانذ پر اس طرح رکھیے کہ کراس کا نشان ڈھک جائے۔ اب جلدی سے فلاسک نمبر 1 میں HCl محلول ملائیے۔ محلولوں کو اچھی طرح ملائیے اور اسٹاپ واچ کو شروع کیجیے۔ فلاسک کو واپس کاغذ کی شیٹ پر رکھیے۔ محلول کا درجہ حرارت نوٹ کیجیے اور اسے جدول 8.2 میں درج کیجیے۔ محلول کے اندر جھانکتے ہوئے کراس کے نشان کا مشاہدہ کیجیے اور جیسے ہی یہ نشان غائب ہو جائے اسٹاپ اوچ کو بند کر دیجیے۔ وقفہ اور اس کی معکوس قدر کو جدول 8.2 میں نوٹ کیجیے۔ اگلی ریڈنگ کے لیے اسٹاپ واچ کو صفر پر سیٹ کر دیجیے اس طریقہ کو دو مرتبہ اور دہرائیے۔ پہلے فلاسک نمبر 2 کا استعمال کیجیے اور محلول کو تقریباً 50^oC تک گرم کیجیے، اس کے بعد فلاسک نمبر 3 کا استعمال کیجیے اور محلول کو 6000 تک گرم کیجیے۔ اپنے شاہدات کو جدول 8.2 میں درج کیجیے۔

8.4 احتیاط (Precautions)

.1 سبھی مخروطی فلاسک ایک ہی گنجائش والے ہونے چاہئیں اور ہر ایک مشاہدہ کے لیے استعمال ہونے والے تعاملی آمیزہ کا کل حجم بھی یکساں ہونا چاہیے۔

.2 سبھی مشاہدات کے لیے کراس کے نشان والی ایک ہی شیٹ استعمال کیجیے۔

.3 جیسے ہی محلولوں کی آمیزش کی جائے فوراً اسٹاپ واچ شروع کر دیجیے اور جیسے ہی کراس کا نشان غائب ہو جائے فوراً اسٹاپ واچ بند کر دیجیے۔

.4 سفید کاغذ پر رکھتے وقت مخروطی فلاسک کا بیرونی حصہ اور پیندہ بالکل خشک ہونا چاہیے بصورت دیگر کاغذ اور کراس کا نشان دونوں خراب ہو جائیں گے۔

.5 ریڈنگ لینے کے فوراً بعد مخروطی فلاسک کو پہلے ڈائی لیوٹ HNO_3 سے صاف کیجیے اور پھر پانی سے دھو لیجیے۔ اگر ایسا نہیں کریں گے تو سلفر فلاسک کی دیواروں پر جمع ہو جائے گا اور فلاسک کو دھونے میں دشواری ہوگی۔

8.5 مشاہدات (Observations)

جدول 8.1 HC1 اور $Na_2S_2O_3$ کے درمیان ہونے والے تعامل کی شرح پر ارتکاز کا اثر

S.No.	Volume of				Initial Conc. of		Time	Time
	Water	0.1 M $Na_2S_2O_3$	1M HCl	Total	$Na_2S_2O_3$	HCl		inverse
	mL	mL	mL	mL	mol^{-1}	mol^{-1}	s	s^{-1}
1.	30	10	10	50	....	....	....	....
2.	20	10	20	50	....	....	....	....
3.	20	20	10	50	....	....	....	....

جدول 8.2 HC1 اور $Na_3S_2O_3$ کے درمیان ہونے والے تعامل کی شرح پر درجہ حرارت کا اثر

S.No.	Volume of				Temperature	Time	Time
	$Na_2S_2O_3$	Water	1M HCl	Total			inverse
	mL	mL	mL	mL	^{0}C	s	s^{-1}
1.	10	30	10	50	....	....	....
2.	10	30	10	50	....	....	....
3.	10	30	10	50	....	....	....

8.7 نتائج

1۔ جب سوڈیم تھایوسلفیٹ یا HCl میں سے ایک متعامل کے ارتکاز کو مستقل رکھتے ہوئے دوسرے متعامل کے ارتکاز کو بڑھایا جاتا ہے تو تعامل کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے/کمی آجاتی ہے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

2۔ جب تعامل کو ارتکاز جیسے دیگر عوامل مستقل رکھتے ہوئے اونچے درجہ حرارت پر انجام دیا جاتا ہے تو تعامل کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے/کمی آجاتی ہے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

8.8 اپنی تفہیم کی جانچ کیجیے

1. $Na_2S_2O_3$ 0.1 M کے Ml , 0.110mL ہائڈروکلورک ایسڈ کے 20mL اور 20ml پانی کو ملا کر بنائے گئے محلول میں سوڈیم تھایوسلفیٹ اور HC1 کے ابتدائی ارتکاز معلوم کیجیے۔ یہ فرض کرتے ہوئے کہ تعامل ابھی شروع نہیں ہوا ہے۔
2. شرح تعامل پر درجہ حرارت کے اثر کا مطالعہ کرتے وقت ہر ایک تجربہ میں سوڈیم تھایوسلفیٹ اور HCl محلول کے یکساں مجموں کا استعمال کیوں ہوتا ہے؟
3. درجہ حرارت میں اضافہ کرنے پر عموماً شرح تعامل میں اضافہ کیوں ہو جاتا ہے؟
4. حیاتیاتی عملوں میں وقوع ہونے والے تعاملات کی شرحوں پر درجہ حرارت میں کمی کا کیا اثر ہوگا؟
5. بعض اوقات سوڈیم تھایوسلفیٹ محلول HCl ملانے سے پہلے ہی گدلا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

8.8 استاد کے لیے نوٹ

مخروطی فلاسک کو صحیح طریقے سے صاف کرنے پر زور دیجیے خاص طور سے جب فلاسک کو ایک مرتبہ استعمال کر لیا جائے۔ طلبا کو بتایا جائے کہ تعامل میں بننے والا سلفر کا رسوب فلاسک کی دیواروں سے چپک جاتا ہے اور اسے ہٹانا مشکل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ریڈنگ لینے کے فوراً بعد ہی فلاسک کو دھو لینا چاہیے۔ اگر پانی سے دھونے پر سلفر کی پرت نہیں بہتی ہے تو پہلے اسے ڈائی لیوٹ HNO3، سے صاف کیجیے اور پھر پانی سے دھو لیجیے۔ پانی سے اچھی طرح دھونا بہت ضروری ہے تاکہ HCI (تجربہ میں استعمال کیا گیا) یا HNO3 صاف کرنے میں استعمال کیا گیا) صاف ہو جائیں۔ بصورت دیگر یہ اگلی ریڈنگ کے لیے HCI ملانے سے پہلے ہی تعامل کرنا شروع کر دیں گے۔

8.9 اپنے جوابات کی جانچ کیجیے

1. اختتامی ارتکازات کی تحسیب $M_1 V_1 = M_2 V_2$ کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔ یہاں M_1 اور V_1 ابتدائی محلول کی مولاریت اور حجم ہیں جبکہ M_2 اور V_2 ڈائی لیوشن کے بعد محلول کی مولاریت اور حجم ہیں:

(a) $Na_2S_2O_3$ کی مولاریت

$M_1 = 0.1$ M $\quad\quad V_2 = 10 + 20 + 20 + 50$ mL

$V_1 = 10$mL $\quad\quad M_2 = ?$

$$M_2 = \frac{M_1 V_1}{V_2}, = \frac{0.1 \times 10}{50} = 0.02\ M$$

(b) HCl کی مولاریت

$M_1 = 1M \quad\quad V_2 = 10 + 20 + 20 = 50$ mL

$V_1 = 20$ mL $\quad\quad M_2 = ?$

$$M_2 = \frac{M_1 V_1}{V_2} = \frac{0.1 \times 20}{50} = 0.4\ M$$

2. اگر درجہ حرارت کے علاوہ سوڈیم تھایوسلفیٹ یا HCl کے مختلف مجموں کا استعمال کیا جائے تو مختلف مشاہدات میں ان کے ارتکاز بھی مختلف ہوں گے۔ اب شرح تعامل کو دونوں عوامل متاثر کریں گے جبکہ ہمارا مقصد صرف درج؟ حرارت کے اثر کا مطالعہ کرتا ہے۔

3. درجہ حرارت میں اضافہ ہو جانے پر زیادہ متعامل سالمات اتنی زیادہ توانائی حاصل کر لیتے ہیں کہ وہ تعامل کی ایکٹیویشن توانائی سے زیادہ ہو جاتی ہے جس سے تعامل کی شرح میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

4. یہ حیاتیاتی عملوں میں واقع ہونے والے تعاملات کی شرحوں کو کم کر دے گا۔ اس کا استعمال غذائی اشیا کو لمبے عرصے تک تازہ بنائے رکھنے کے لیے ریفریجریشن یا کولڈ اسٹوریج میں استعمال کیا جاتا ہے جس سے بیکٹر یا کی سرگرمی محدود ہو جاتی ہے۔

5. ایسا اس وقت ہوتا ہے جب مخروطی فلاسک کو اچھی طرح سے نہ دھویا جائے کیونکہ اس میں پچھلی ریڈنگ کا تھوڑا بہت HCl یا فلاسک کو دھونے میں استعمال ہونے والا HNO_3 باقی رہ جاتا ہے۔ فلاسک میں موجود یہ ایسڈ سوڈیم تھایوسلفیٹ کے ساتھ تعامل کرنے لگتا ہے اور سلفر بننے کی وجہ سے محلول گدلا ہونے لگتا ہے۔

تجربہ -9

پیپر کرومیٹوگرافی کے ذریعے مندرجہ ذیل میں رنگین جزء کو علیحدہ کرنا اوران کی R_f قدروں کا موازنہ کرنا۔

(a) سیاہ روشنائی یا سرخ اور نیلی روشنائی کا آمیزہ

(b) پھول یا گھاس کا رس

مقاصد

اس تجربہ کو انجام دینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

☆ روشنائی، پھول اور/ یا گھاس کے رس میں موجود مختلف اجزا کو علیحدہ کرسکیں اور

☆ آمیزہ کے مختلف اجزا کی R قدروں کا حساب لگا سکیں۔

9.1 آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیے

کرومیٹوگرافی ایسی تکنیک ہے جس کی مدد سے کسی آمیزہ کی مختلف اشیا کو (4) علیحدہ کیا جاسکتا ہے (b) ان کی تخلیص کی جاسکتی ہے (c) ان کی شناخت کی جاسکتی ہے۔

کرومیٹوگرافی اصطلاح کا اطلاق کسی نمونے کو دو بیٹوں میں تقسیم کرنے کے اصول پر مبنی علیحدگی کے عملوں پر ہوتا ہے۔

(i) ساکن ہیئت یا مقررہ ہیئت اور

(ii) متحرک ہیئت

کرومینوگرافی کی دو اقسام ہیں

(i) ٹھوس-رقیق کرومیٹوگرافی

(ii) رقیق-رقیق کرومیٹوگرافی

ٹھوس-رقیق کرومیٹوگرافی میں ٹھوس سطح اس شئے کو جذب کر جاتی ہے جو صلح پر لدا ہوا ہے اور مرکبات ٹھوس سطح پر علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ اس کی درجہ بندی (1) سطحی انجذاب کرومیٹوگرافی (11) پارمیشن کرومینوگرافی اور (ii) آئین اکھینچ کرومیٹوگرافی کے تحت کی جاسکتی ہے۔ سطحی انجذاب کرومیٹوگرافی سطحی جاذب کے اوپر اشیا کے انتخابی سطحی انجذاب پر مبنی ہے۔ کالم کرومیٹوگرانی، پتّلی پرت کرومینوگرافی وغیرہ سطحی انجذب کے مظہر پر مبنی ہیں۔ کالم کرومینوگرافی میں ساکن ہیئت سطحی جاذب اور متحرک ہیئت منحل ہوتا ہے۔

رقیق-رقیق کرومیٹوگرافی میں شئے دو غیر خلط پذیر منحلوں کے درمیان مختلف حد تک تقسیم ہو جاتی ہے۔ ہے۔ پیپر کرومینوگرافی رقیق-رقیق کرومیٹوگرافی کی ہی مثال ہے۔ ساکن ہیئت کے فلٹر پیپر کا استعمال کیا جاتا ہے۔ فلٹر پیپر کو کرومیٹوگرافی پیپر کہا جاتا ہے، یہ پانی کو روک لیتا ہے جو ساکن ہیئت کا کام کرتا ہے۔ متحرک ہیئت دوسرا رقیق ہوتا ہے جو اپنے ساتھ کاغذ کے اوپر شے کا حامل ہوتا ہے۔

ہر ایک شئے کی دیے ہوئے درج؟ حرارت پر دیے ہوئے منحل کے لیے ایک امتیازی R_f قدر ہوتی ہے۔

R_f کا مطلب ہے 'Ratio of Fronts' یا امساک فیکٹر۔ یہ مہدات جزو ترکیبی کے ذریعے طے کیے گئے فاصلہ کی مخلل کے ذریعے طے کیے گئے فاصلے سے نسبت ہے (شکل 9.1)۔

$$R_f = \frac{\text{ابتدائی خط سے شے کے ذریعے طے کیا گیا فاصلہ}}{\text{ابتدائی خط سے محلل کے ذریعے طے کیا گیا فاصلہ}}$$



شکل 12.1: R_f قدروں کی پیمائش

جزو A کا $R_f = \frac{X}{Z}$ اور جزو B کا $R_f = \frac{Y}{Z}$

9.2 مطلوبہ اشیا

(1) آلات	(2) کیمیائی اشیا
گیس جار، گیس جار کور، شیشہ کی چھڑ فلٹر پیپر اسٹرپ وہاٹ میں نمبر (1) باریک کیپلری ٹیوب، پیپر کو لٹر کانے کے لیے ہک یا کلپ، کارک	سرخ اور نیلی روشنائی کا آمیزہ انکل

9.3 تجربہ کو کس طرح انجام دینا ہے

(a) سرخ اور نیلی روشنائی کے آمیزہ تے اجزا کو علیحدہ کرنا اور ان کی R_f قدریں معلوم کرنا

ایک وہاٹ میں فلٹر پیپر اسٹرپ (25×2cm) لیجیے۔ اس کے نچلے سرے سے 4cm اوپر پنسل سے ایک لائن کھینچیے جیسا کہ شکل 9.2 میں دکھایا گیا ہے۔



شکل 9.2 کرومیٹوگرافک پیپر کی اسپوٹنگ

اسپوٹنگ (Sporting) باریک کیپلری ٹیوب کی مدد سے سرخ اور نیلی روشنائی کے آمیزہ کی ایک بوند کو فلٹر پیپر کے نقطہ A پر ڈالیے۔ اسے ہوا میں خشک ہونے دیجیے۔ اسی جگہ پر ایک اور بوند ڈالیے اور اسے بھی خشک ہونے دیجیے۔ اس عمل کو 3-2 مرتبہ دہرائیے۔ اس فلٹر پیپر کو مکمل آمیزہ (50% الکحل) پر مشتمل گیس جار میں اس طرح لگائیے کہ دھبہ (آمیزہ) محلل کی سطح سے تقریباً 2cm اوپر رہے۔ متبادل طور پر ہک کے ساتھ کارک کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

جار کو شیشہ کے ڈھکن سے ڈھک دیجیے اور یونہی چھوڑ دیجیے۔ کاغذ پر چڑھتے ہوئے محلل کا مشاہدہ کیجیے۔ جب محلل تقریباً 20 تک اوپر چڑھ جائے گا تو آپ کو فائٹر پیپر پر سرخ اور نیلے رنگ کے دو مختلف دھبے نظر آئیں گے۔ اب فلٹر پیپر کو جار سے باہر نکال لیجیے اور منحل کے مقام کی پنسل سے نشاندہی کر لیجیے۔ پیپر کو خشک کر لیجیے۔ سرخ اور نیلے دھبوں کے مراکز کی نشاندہی کیجیے۔ ابتدائی مقام سے ان دونوں دھبوں اور محلل کے فاصلے کی پیائش کیجیے۔ شکل 9.2 اپنے مشاہدات کو جدول 9.1 میں ریکارڈ کیجیے۔ نیز سرخ اور نیلے دھبوں کی R_f قدروں کا حساب لگائیے۔

(b) پیپر کرومیٹوگرافی کے ذریعے گھاس/ پھول کے رس میں موجود رنگین اجزا کو علیحدہ کرنا اور علیحدہ ہونے والے اجزا کی R_f قدروں کا حساب لگانا

مطلوبہ اشیا

(2) کیمیائی اشیا	(1) آلات
پھول/گھاس کا رس بطور نمونہ مخلل آمیزہ (17mL) پیٹرولیم ایتھر +3ml ایسٹون	تجربہ (1) میں استعمال ہونے والے آلات

نوٹ: گھاس پھول کا رس حاصل کرنے کے لیے پھول یا گھاس کو موسلی کی مدد سے کھرل میں پیس لیجیے۔ اور پھر اس میں تھوڑا سے ایسٹون ملا کر عرق نکال لیجیے۔ تجربہ کو بالکل اسی طرح انجام دیجیے جس طرح (a)12 انجام دیا ہے۔

9.4 احتیاط (Precautions)

1. اسپوٹنگ کے لیے بہت باریک کیپلری کا استعمال کیجیے بصورت دیگر دھبہ بہت بڑا ہو جائے گا۔
2. دوسرا قطرہ ڈالنے سے پہلے دھبہ کو خشک ہونے دیجیے۔ اچھا دھبہ وہی ہوتا ہے جو چھوٹا ہو اور اس میں بہت زیادہ آمیزہ نہ ہو۔
3. کیپلری ٹیوب کو بہت زور سے نہ دبائیں نہیں تو یہ کاغذ کو پھاڑ سکتی ہے۔ اگر کاغذ میں سوراخ ہو جائے گا تو مرکب اوپر نہیں چڑھے گا۔
4. کاغذ کو سروں پر مڑنے نہ دیں۔ یہ جار کی دیواروں کو چھوئے بغیر بالکل سیدھا لا کا ہونا چاہیے۔
5. جار کو ڈھک کر رکھیے۔ فلٹر پیپر کو لگانے کے بعد جار میں اس وقت تک کسی قسم کا خلل مت ڈالیے جب تک کہ محلل مطلوبہ اونچائی تک نہ پہنچ جائے۔
6. دھبہ (Spot) محلل میں ڈوبنا نہیں چاہیے ورنہ مرکب اس میں حل ہو جائے گا۔
7. جار میں محلل آمیزہ کو تیار کرنے کے لیے کشیدہ پانی کا استعمال کیجیے۔

احتیاط برائے 9(b)

وہی احتیاط بروئے کار لایئے جو تجربہ نمبر (120) کے لیے تجویز کی گئی ہیں۔

9.5 مشاہدات (Observations)

تجربہ 9(4) کے مشاہدات

اپنے مشاہدات اور R کو جدول 9.1 میں درج کیجیے۔

جدول 9.1

نمبر شمار	دھبہ کا رنگ	دھبہ کے ذریعے ابتدائی خط سے طے کیا گیا فاصلہ (cm میں)	ابتدائی خط سے محلل کے ذریعے طے کیا گیا فاصلہ (cm)	R_f
1۔	سرخ	________	________	____
2۔	نیلا	________	________	____

تجربہ 9(b) کے مشاہدات

جدول 9.2

نمبر شمار	دھبہ کا رنگ	دھبہ کے ذریعے ابتدائی خط سے طے کیا گیا فاصلہ (cm میں)	ابتدائی خط سے محلل کے ذریعے طے کیا گیا فاصلہ (cm)	R_f
1۔	سرخ	________	________	____
2۔	نیلا	________	________	____

9.6 نتائج

سرخ روشنائی کی R_f قدر= _______________

نیلی روشنائی کی R_f قدر= _______________

سبز جزو ترکیبی (کلوروفل) کی R_f قدر= _______________

زرد جزو ترکیبی (زینتھ فل) کی R_f قدر= _______________

سرخ جزو ترکیبی (کیروٹین) کی R_f قدر= _______________

9.7 اپنی تفہیم کی جانچ کیجیے

1. کرومیٹوگرافی کیا ہے؟
2. کرومیٹوگرافی کا بنیادی اصول کیا ہے؟
3. پیپر کرومیٹوگرافی کیا ہے؟
4. Rf قدر سے کیا مراد ہے؟
5. کرومیٹوگرافی کسے کہتے ہیں؟
6. کرومیٹوگرام پر بے رنگ مرکبات کی نشاندہی کس طرح کی جاتی ہے؟
7. اگر کاغذ کی پٹی عمودی حالت میں لٹکی ہوئی نہیں ہے اور یہ جار کی دیواروں کو چھو رہی ہے تو کیا ہوگا؟
8. اسپوٹنگ (Spotting) کے دوران اگر کاغذ میں سوراخ ہو جائے تو یہ علیحدگی کے عمل کو کس طرح متاثر کرے گا؟

9.8 استاد کے لیے نوٹ

(i) محلل آمیزہ (85 ایسیلون + 5ml پانی + 10ml مرتکز ہائڈروکلورک ایسڈ) کا استعمال کر کے پیپر کرومیٹوگرافی کی مدد سے N2Co2 اور 12 کے آمیزہ کو علیحدہ کرنے کی مشق کرائی جاسکتی ہے۔

(ii) جب طلبا پھل/گھاس کا رس نکالیں تو استاد کو چاہیے کہ وہ استخراج کے طریقے کو تفصیل کے ساتھ بیان کریں۔

(iii) کرہ باد میں بہت زیادہ نمی محلل استخراج میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے لہٰذا استاد کو چاہیے کہ وہ طلبا سے تجربہ کو خشک حالات میں انجام دینے کے لیے کہیں۔

(iv) استاد کو چاہیے کہ وہ محلول کو مناسب نسبت میں استعمال کرنے کے سلسلے میں طلبا کی مدد کریں تاکہ مطلوبہ قطبیت برقرار رہے۔

9.9 اپنے جوابات کی جانچ کیجیے

1. کرومیٹوگرافی ایسی تکنیک ہے جس کے ذریعے کسی آمیزہ کی مختلف اشیا کو (a) علیحدہ کیا جاسکتا ہے (b) ان کی تخلیص کی جاسکتی ہے اور (c) ان کی شناخت کی جاسکتی ہے۔

2. کرومیٹوگرافی نمونہ کی دو ہیئتوں یعنی ساکن ہیئت اور متحرک ہیئت کے درمیان تقسیم ہو جانے کے اصول پر بنی ہے۔
3. پیپر کرومیٹوگرانی رقیق رقیق کرومینوگرافی کی ہی قسم ہے۔ اس میں کاغذ کے سیلواوز میں رکا ہوا پانی ساکن ہیئت کے طور پر اور متحرک مخلل متحرک ہیئت کے طور پر کام کرتا ہے۔
4. R_f قدر مبدا سے جزو ترکیبی کے ذریعے طے کیے گئے فاصلہ کی میدا سے محل کے ذریعے طے کیے گئے فاصلے کی نسبت ہے۔ (R_f ایک خاص درجہ حرارت پر دی ہوئی شے اور دیے ہوئے محلل کے لیے مستقل رہتی ہے۔
5. کرومیٹوگرافک علیحدگی کا کام مکمل ہو جانے پر رنگین دھبے کاغذ کے اوپر الگ الگ سطحوں پر نظر آئیں گے۔ اسے کرومیٹوگرام کہتے ہیں۔
6. بے رنگ مرکبات کو مرئی بنانے کے لیے کاغذ کے اوپر ریجنٹ کا چھڑکاؤ کیا جاتا ہے۔ علیحدہ ہونے والا جزو ترکیبی کاغذ کے اوپر ریجنٹ کے ساتھ تعامل کر کے رنگین مرکب بناتا ہے جو نظر آنے لگتا ہے۔
7. اگر کاغذ کی پٹی عمودی نہیں ہے اور جار کی دیواروں سے چھو رہی ہے تو محلل کا بہاؤ یکساں نہیں ہوگا اور علیحدگی بھی صحیح طریقے سے نہیں ہو پائے گی۔
8. اگر کاغذ میں سوراخ ہو جاتا ہے تو آمیزہ کے اجزائے ترکیبی اوپر کی طرف نہیں چڑھیں گے بلکہ اصل نقطہ کے آس پاس پھیل جائیں گے۔

تجربہ –10

نامیاتی مرکب میں اضافی عناصر (نائٹروجن، سلفر اور ہیلوجن) کی موجودگی کی شناخت کرنا

مقاصد

اس تجربہ کو انجام دینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

☆ دیے ہوئے نامیاتی مرکب میں نائٹروجن سلفر اور ہیلون (اضافی عناصر) کی موجودگی کی شناخت کر سکیں:

☆ اضافی عناصر کی شناخت کے لیے نامیاتی مرکب کے سوڈیم دھات کے ساتھ گداخت کی ضرورت کی وجہ کو بیان کر سکیں اور

☆ اس تجربہ سے متعلق مختلف تعاملات کی کیمیائی مساوات لکھ سکیں۔

10.1 آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیے

ایک نامعلوم نامیاتی مرکب کی ساخت کو متعین کرنے کے لیے اس میں موجود عناصر کی شناخت ضروری ہے۔ عام طور سے کبھی نامیاتی مرکبات کاربن اور ہائڈروجن پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ان عناصر کے علاوہ ان میں آکسیجن، نائٹروجن، سلفر اور ہیلوجن بھی موجود ہوتے ہیں۔ نائٹروجن، سلفر اور ہیلوجن جیسے عناصر اضافی عناصر کہلاتے ہیں۔

مرکب میں عناصر کی موجودگی کی شناخت کے لیے انھیں آینی شکل میں تبدیل کرنا پڑتا ہے۔ اس کام کے لیے مرکب کا سوڈیم دھات کے ساتھ گداخت کیا جاتا ہے۔ مرکب میں موجود نائٹروجن، سلفر اور ہیلوجن جیسے عناصر مندرجہ ذیل مساوات کے مطابق حل پذیر سوڈیم نمکوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

$$Na + C + N \rightarrow NaCN$$

$$2Na + S \rightarrow Na_2S$$

$$Na + X \rightarrow NaX$$

(جہاں X ہے: Cl، Br یا I)

اگر مرکب میں نائٹروجن اور سلفر دونوں موجود ہیں تو سوڈیم کے ساتھ گداخت کے نتیجے میں سوڈیم تھایوسائنیٹ بنتا ہے۔ حل پذیر سوڈیم نمکوں کا استخراج پانی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ اس مقطر (Extract) کو عام طور سے گداخت مقطر (Fusion Extract) کہتے ہیں۔

10.1 نائٹروجن کی جانچ

نائٹروجن، سوڈیم گداخت مقطر سوڈیم سائنائڈ کی شکل میں موجود ہوتی ہے۔ سوڈیم سائنائڈ کو فیرس سلفیٹ کے ساتھ گرم کر کے سوڈیم فیروسائنائڈ میں تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد اس کا فیرک کلورائڈ (پرشین بلو کامپلیکس) کے ساتھ تعامل کرایا جاتا ہے

جس کے نتیجے میں فیرک فیروسائنائڈ بنتا ہے۔

$$6NaCN + FeSO_4 \rightarrow Na_4[Fe(CN)_6] + Na_2SO_4$$

$$Na_4[Fe(CN)_6] + 4FeCl_3 \rightarrow Fe_4[Fe(CN)_6)]_3 + 12NaCl$$

Ferricferrocyanide
(Prussian blue)

10.1.2 سلفر کی جانچ

(i) سلفر، سوڈیم مقطر میں سوڈیم سلفائڈ کی شکل میں موجود ہوتا ا ہے۔ یہ سوڈیم نائٹرو پروسائڈ۔ کے ساتھ سوڈیم تھایو نائٹرو پر وسائڈ بناتا ہے جس کی وجہ سے کاسنی / جامنی رنگ حاصل ہوتا ہے۔

$$Na_2S + Na_2[Fe(CN)_5NO] \rightarrow Na_4[Fe(CN)_5NOS]$$

Sodium nitroprusside — Sodium thionitroprusside (Purple)

(ii) سلفائڈ، لیڈ ایسیٹیٹ کے ساتھ تعامل کر کے لیڈ سلفائڈ بناتا ہے جو سیاہ رسوب کی شکل میں حاصل ہوتا ہے۔

$$Na_2S + Pb(CH_3OO)_2 \rightarrow PbS + 2CH_3COONa$$

Lead sulphide
(black)

(iii) سلفائڈ، سلور نائٹریٹ کے ساتھ تعامل کر کے سلور سلفائڈ بناتا ہے جو سیاہ کا نظر آتا ہے۔

$$Na_2S + 2AgNO_3 \rightarrow Ag_2S + 2NaNO_3$$

Silver Sulphide (black)

10.1.3 نائٹروجن اور سلفر کی جانچ جبکہ وہ ایک ساتھ موجود ہوں

جب نائٹروجن اور سلفر کسی نامیاتی مرکب میں ایک ساتھ موجود ہوتے ہیں تو سوڈیم گداخت کے دوران سوڈیم تھایوسائنیٹ بنتا ہے۔ سوڈیم تھایوسائنیٹ، فیرک کلورائڈ کے ساتھ خون جیسا سرخ رنگ دیتا ہے۔

$$NaCNS + FeCl_3 \rightarrow [Fe(CNS)]^{2+} + Na^+ + 3Cl^-$$

(Blood red)

10.1.4 ہیلوجن کی جانچ

ہیلوجن، سوڈیم مقطر میں ہیلائڈ کی شکل میں موجود ہوتی ہے۔اس کی جانچ مندرجہ ذیل طریقے سے کی جاتی ہے۔

(i) سلورنائٹریٹ ٹیسٹ: کلورائڈ، سلورنائٹریٹ کے ساتھ سلورکلورائڈ کا سفید رسوب بنتا ہے۔ یہ رسوب امونیم ہائڈروکسائڈ میں حل پذیر ہے۔

$$NaCl + AgNO_3 \rightarrow AgCl \downarrow + NaNO_3$$

$$AgCl + 2NH_4OH \rightarrow [Ag(NH_3)_2]Cl + 2H_2O$$

برومائڈ زرد رسوب بناتے ہیں جو امونیم ہائڈروکسائڈ میں بہت کم حل پذیر ہے۔ آیوڈائڈ گہرے زرد رنگ کا رسوب بناتے ہیں جو امونیم ہائڈراکسائڈ میں حل پذیر نہیں ہے۔

(ii) برومائڈ یا آیوڈائڈ پر مشتمل محلول کا جب کلورین واٹر کے ساتھ تعامل کرایا جاتا ہے تو برومائڈ اور آیوڈائڈ کی نظیری ہیلوجن میں تکسید ہو جاتی ہے۔ شریک گرفت ہونے کی وجہ سے یہ ہیلوجن کاربن ٹیٹرا کلورائڈ (CCl) میں حل ہو جاتے ہیں۔ برومین CC پرت میں زرد سے بھورا رنگ پیدا کرتا ہے جبکہ آیوڈین کاسنی جامنی رنگ پیدا کرتا ہے۔

$$2NaBr + Cl_2 \rightarrow 2NaCl + Br_2$$

$$2NaI + Cl_2 \rightarrow 2NaCl + I_2$$

زیادہ برقی منفی ہونے کی وجہ سے کلورین محلول میں سے برومائڈ اور آیوڈائڈ کو ہٹا دیتی ہے۔

10.2 مطلوبہ اشیاء

(1) آلات	(2) کیمیائی اشیا
ٹیسٹ ٹیوب (6)، ٹیسٹ ٹیوب اسٹینڈ، ٹیسٹ ٹیوب ہولڈر اشتعالی ٹیوب 3 کُپی، واچ گلاس، فلٹر پیپر، چھٹا، پورسلین ڈش، قیف، شیشہ کی چھڑ، پچکاری، تار کی جالی	سوڈیم دھات، فیری سلفیٹ، فیرک کلورائڈ، سلور نائٹریٹ، امونیم ہائڈروکسائڈ، کلورین واٹر کاربن نیز اکلورائڈ، نائٹرک ایسڈ

10.3 تجربہ کو کس طرح انجام دینا ہے

یہ تجربہ دو مرحلوں پر مشتمل ہے (i) سوڈیم گداخت مقطر کی تیاری اور (ii) انفرادی عناصر کی جانچ

(1) سوڈیم گداخت مقطر تیار کرنا

چمٹے کا استعمال کر کے پیٹری ڈش سے سوڈیم دھات کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا لیجیے۔ فلٹر پیپر میں رکھ کر سوڈیم کے ٹکڑے کو خشک کر لیجیے۔ سوڈیم دھات کے ٹکڑے کو صاف اور خشک اشتعالی ٹیوب میں ڈالیے۔ ٹیوب کو چھٹے کی مدد سے لو کے اوپر اس طرح پکڑ لیے کہ سوڈیم دھات ایک گرم گیند کی شکل اختیار کر لے۔ اب اشتعالی ٹیوب کو لو سے الگ کیجیے اور اس میں فوراً ہی نامیاتی مرکب کی تھوڑی سے مقدار ملا دیجیے۔ ٹیوب کو سرخ ہو جانے تک گرم کیجیے۔ ایک مرتبہ پھر نلی میں مرکب ملائیے اور دوبارہ سرخ ہو جانے تک گرم کیجیے۔ سرخ گرم

اشتعالی علی کو پورسلین ڈش میں موجود تقریباً 10 کشیدہ پانی میں ڈبایئے اور پورسلین ڈش کو فوراً تار کی جالی سے ڈھک دیجیے تاکہ غیر تعامل شدہ سوڈیم کا ٹکڑا اچھل کر باہر نہ آسکے۔ سوڈیم گداخت کے عمل کو مزید دو اشتعالی نلیوں کے ساتھ دہرایئے۔ ایک صاف شیشہ کی چھڑ کی مدد سے ان نلیوں کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں توڑ دیجیے۔ آمیزہ کو تقریباً 3-2 منٹ تک ابالیے اور چھان لیجیے۔

رقیق مرکبات کے معاملے میں پگھلے ہوئے سوڈیم کو سوڈیم کاربونیٹ سے ڈھک دیجیے اور پھر پچکاری کی مدد سے مرکب کو ملایئے) اب منظّم طریقے سے آگے بڑھیے اور دیے ہوئے نامیاتی مرکبات کے نمونہ کے ساتھ مندرجہ ذیل ٹیسٹ انجام دیجیے اور ان میں موجود اضافی عناصر کی شناخت کیجیے۔ اپنے مشاہدات اور نتائج کو جدول 10.1 میں درج کیجیے۔

نمبر شمار	تجربہ	مشاہدات	نتیجہ
1.	نائٹروجن کی جانچ ایک ٹیسٹ ٹیوب میں IML سوڈیم فیوژن ایکسٹریکٹ لیجیے اور اس میں ایک چٹکی فیرس سلفیٹ ملایئے۔ مواد کو ہلایئے اور اسے ڈائی لیوٹ HCI کی مدد سے تیزابی بنایئے۔ مواد کو ابالیے اور چند قطرے فیرک کلورائڈ محلول کے ملایئے۔	پرشیائی نیلے رنگ یا سبز رنگ کا رسوب بنتا ہے	نائٹروجن موجود ہے۔
2.	سلفر کی جانچ (i) ایک ٹیسٹ ٹیوب میں ImL سوڈیم فیوژن ایکسٹریکٹ لیجیے اور اس میں سوڈیم نائٹرو پر وسائل کے چند قطرے ملایئے اور آمیزہ کو اچھی طرح ہلایئے۔	اودی/بینگنی رنگ	سلفر موجود ہے
	(ii) ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 11 سوڈیم فیوژن ایکسٹریکٹ لیجیے اور اس میں ایسیٹک ایسڈ ملایئے۔ اب اس میں لیڈ ایسیک محلول کے 5-4 قطرے ڈالیے۔	سیاہ رسوب	سلفر موجود ہے

.3	**نائٹروجن اور سلفر ایک ساتھ موجود میں** ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 11 سوڈیم فیوژن ایکسٹریکٹ لیجیے اور اسے ڈائی لوٹ HCl سے تیزابی بنائیے۔ اب اس میں فیرک کلورائڈ محلول کے چند قطرے ملائیے۔	گہرا سرخ رنگ نظر آتا ہے	نائٹروجن اور سلفر موجود ہیں
.4	ہیلوجن کی جانچ (i) ایک ٹیسٹ ٹیوب میں ImL سوڈیم فیوژن ایکسٹریکٹ لیجیے اور اسے ڈائی لیوٹ نائٹرک ایسڈ سے تیزابی بنائیے۔ اب اس میں 2mL سلور نائٹریٹ محلول ملائیے۔ کسی بھی قسم کے رسوب کے ظاہر ہونے اور اس کے رنگ کا مشاہدہ کیجیے۔ رسوب میں 2-3 ml امونیم ہائڈروکسائڈ ملائیے اور مواد کو اچھی طرح بلائیے۔ رسوب کی حل پذیری کا مشاہدہ کیجیے۔	(a) دہی جیسا سفید رسوب بنتا ہے جو NH_4OH میں حل پذیر ہے۔ (b) ہلکے زرد رنگ کا رسوب بنتا ہے جو NH_4OH میں جزوی طور پر حل پذیر ہے۔ (c) ہلکا زرد رسوب جو NH_4OH میں غیر حل پذیر ہے۔	کلورین موجود ہے برومین موجود ہے آیوڈین موجود ہے
.5	(ii) اگر کلورین موجود نہیں ہے تو برومائڈ اور آیوڈائڈ کے لیے مندرجہ ذیل ٹیسٹ انجام دیجیے۔ ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 2mL موڈیم فیوژن ایکسٹریکٹ لیجیے اور اسے ڈائی لیوٹ HCl سے تیزابی بنائیے۔ اب اس میں ImL کاربن ٹیٹرا کلورائڈ ملائیے۔ کثیف ہونے کی وجہ سے CCl_4 نیچے بیٹھ جائے گا۔ اس میں کلورین واٹر کی وافر مقدار ملائیے اور آمیزہ کو اچھی طرح ملائیے۔ CCl_4 کی پرت میں کسی رنگ کے ظاہر ہونے کا مشاہدہ کیجیے۔	a) نارنجی رنگ b) بنفشی رنگ	برومین موجود ہے آیوڈین موجود ہے

10.4 احتیاط (Precautions)

1. سوڈیم دھات بہت زیادہ تعامل پذیر ہوتی ہے۔ جب اسے ہوا میں کھلا رکھا جاتا ہے تو یہ فضا میں موجود نمی کے ساتھ تعامل کر لیتی ہے۔ یہ ہاتھوں کے پسینے میں بھی تعامل کر لیتی ہے لہذا اسے ہاتھوں میں مت پکڑ لیے۔ سوڈیم کو پکڑنے کے لیے ہمیشہ چھٹی کا استعمال کیجیے۔
2. سوڈیم دھات کو استعمال کرنے سے پہلے اس کا تیل ہٹانے کے لیے اسے فلٹر پیپر کے اندر رکھ کر دبایئے۔
3. سوڈیم فیوژن کے لیے خشک اشتعالی نلیوں کا استعمال کیجیے۔ سوڈیم پانی کے ساتھ بڑی شدت کے ساتھ تعامل کرتی ہے۔
4. غیر استعمال شدہ سوڈیم کو واپس بوتل میں رکھ دیجیے۔ اسے کبھی بھی سنگ میں مت پھینکیے۔
5. سوڈیم فیوژن کے عمل کو تین اشتعالی تلیوں کے ساتھ دہرایئے۔ یہ فیوژن کے واقع ہونے کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے۔
6. سرخ گرم اشتعالی علی کو پانی میں ڈبانے کے بعد اسے شیشہ کی چھڑ سے احتیاط کے ساتھ توڑیے۔ مواد کو 2-3 منٹ تک ابالیے تاکہ پانی میں حل پذیر سوڈیم کا استخراج ہو سکے۔

10.5 مشاہدات (Observations)|

جدول 10.1

نمبر شمار	تجربہ	مشاہدات	نتیجہ

دیا ہوا نمونہ مثبت طور پر ________، ________ اور ٹیسٹ دیتا ہے لہذا نمونے میں موجود اضافی عناصر ہیں

10.6 نتائج

دیا ہوا نامیاتی مرکب ______________ عناصر پر مشتمل ہے۔

10.7 اپنی تفہیم کی جانچ کیجیے

1. نامیاتی مرکب کے فیوژن کے لیے صرف تازہ کٹی ہوئی سوڈیم دھات کا ہی استعمال کیوں کیا جاتا ہے؟

....

2. سوڈیم کے ساتھ نامیاتی مرکب کے فیوژن کو ایک سے زیادہ مختلف اشتعال نلیوں کے ساتھ انجام دینا کیوں ضروری ہے؟

....

3 نائٹروجن کی جانچ کے دوران سوڈیم ایکسٹریکٹ کو تیزاب کے ساتھ مکمل طور پر تعدیل کرنا کیوں ضروری ہے؟

....

4. نامیاتی مرکب میں اضافی عناصر کی موجودگی کی جانچ کے لیے مرکب کا سوڈیم کے ساتھ گداخت (فیوژن) کیوں ضروری ہے؟

....

5. کلورین واٹر برومائڈ اور آیوڈائڈ کو محلول میں ان کے نمکوں سے کیوں ہٹا دیتا ہے؟

....

6. ہیلوجن کے لیے سلور نائٹریٹ ٹیسٹ کو انجام دینے سے پہلے اگر سوڈیم ایکسٹریکٹ کو مکمل طور پر تعدیل نہ کیا جائے تو کیا ہوگا؟

....

7. سوڈیم ایکسٹریکٹ تیار کرنے کے لیے کشیدہ پانی کا استعمال کیوں ضروری ہے؟

....

10.8 استاد کے لیے نوٹ

سوڈیم دھات بہت زیادہ تعامل پذیر ہوتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ طلبا اسے احتیاط کے ساتھ استعمال کریں اور بھی احتیاطی تدابیر بروئے کار لائیں۔

سوڈیم فیوژن ایکسٹریکٹ کے دوران محلول میں آئینوں کا کم ارتکاز بہت ہلکا رنگ یا رسوب بنائے گا۔ یہ صلاح دی جاتی ہے کہ سوڈیم فیوژن کے دوران 3-2 اشتعالی نلیوں کا استعمال کیجیے۔ رقیق مرکبات کے معاملے میں پچھلی ہوئی سوڈیم دھات کو پہلے سوڈیم کاربونیٹ سے ڈھک دیجیے اور رقیق مرکب کو اس کے اوپر ڈالیے تاکہ یہ سوڈیم کاربونیٹ میں جذب ہو سکے۔ کم نقط؟ جوش والا رقیق سوڈیم کے ساتھ تعامل کیے بغیر باہر نکل جاتا ہے جب طلبا بھی اضافی عناصر کے لیے ٹیسٹ مکمل کرلیں تو ان سے کہا جائے کہ وہ دیے ہوئے مرکب

میں اضافی عناصر کی شناخت کریں اور تجربہ شیٹ پر مکمل تفصیلات لکھیں۔

10.9 اپنے جوابات کی جانچ کیجیے

1. سوڈیم بہت زیادہ تعامل پذیر دھات ہے۔اس کی سطح پر آکسائڈ کی پرت بن جاتی ہے کیونکہ یہ فضائی آکسیجن کے ساتھ تعامل کر لیتی ہے۔تازہ کٹی ہوئی سوڈیم دھات آکسائڈ کی پرت سے مبرا ہوتی ہے۔

2. زیادہ تر نامیاتی مرکبات کے نقطہ جوش کم ہوتے ہیں اور یہ طیران پذیر ہوتے ہیں۔گرم کرنے پر یہ اشتعالی نلی سے باہر نکل جاتے ہیں۔ٹیسٹ محلول میں اضافی عناصر پر مشتمل آئینوں کے مناسب ارتکاز کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ سوڈیم فیوژن کو 3-2 مرتبہ انجام دیا جائے۔

3. سوڈیم ایکسٹریکٹ میں فیرس سلفیٹ ملانے پر فیرس ہائڈرو آکسائڈ گرد آلود سبز رسوب بناتا ہے۔اس سے بچنے کے لیے ہمیت محلول کو مکمل طور پر تعدیل کر لینا چاہیے۔

4. اضافی عناصر نامیاتی مرکبات میں ایسے ایٹموں کی شکل میں موجود ہوتے ہیں جو شریک گرفت بونڈ کے ذریعے جڑے رہتے ہیں۔محلول میں ان کی جانچ کے لیے مرکب کو سوڈیم کے ساتھ گداخت کر کے آئینی شکل میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

5. زیادہ برق منفی ہونے کی وجہ سے کلورین محلول میں برومائڈ اور آیوڈائڈ کو ہٹا دیتی ہے۔

6. سلور آکسائڈ کا سلیٹی سیاہ رسوب بنتا ہے۔اس کی وجہ سے سلور ہیلائڈ کے رنگ کی شناخت مشکل ہو جاتی ہے۔

7. عام پانی میں کلورائڈ آئین ہوتے ہیں۔یہ نامیاتی مرکب میں موجود ہیلوجن سے بننے والے ہیلاکڈ آئینوں میں مداخلت کرتے ہیں۔

تجربہ -11

کاربوہائڈریٹ،فیٹ (چربی)اور پروٹین کے ساتھ تعاملات کا مطالعہ کرنا اور غذائی اشیا میں ان کی موجودگی کی شناخت کرنا۔

مقاصد

اس تجربہ کو انجام دینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

☆ دیے ہوئے غذائی نمونوں میں کاربوہائڈریٹ، پروٹین اور چربی کی موجودگی کی جانچ کر سکیں؟

☆ یہ بتا سکیں کہ دیا ہوا کاربوہائڈریٹ تحویلی ہے یا غیر تحویلی؟

☆ سیر شدہ اور غیر سیر شدہ چربیوں کے درمیان فرق کر سکیں۔

11.1 آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیے۔

11.1.1 کاربوہائڈریٹ(Carbohydrates)

کاربوہائڈریٹ پالی ہائڈراکسی ایلڈیہائڈ یا کیٹون یا ایسی اشیا ہیں جو آب پاشیدگی کے نتیجے میں اس قسم کے سالمات پیدا کرتی ہیں۔کاربوہائڈریٹ کی درجہ بندی مندرجہ ذیل طریقے سے کی جاتی ہے۔

(i) مونوسیکرائڈ - گلوکوز،فرکٹوز $(C_6H_{12}O_6)$

(ii) ڈائی سیکرائڈ - سکروز،مالٹوز $(C_{12}H_{22}O_{11})$

(iii) پالی سیکرائڈ - اسٹارچ سیلیولوز،گلائی کوجن

سیلیولوز کے علاوہ یہ بھی کاربوہائڈریٹ ہمارے جسم میں ہائڈرولائز ہو کر گلوکوز بناتے ہیں جو آکسیجن کی موجودگی میں سست رو تکسید کے ذریعے بڑی مقدار میں توانائی فراہم کرتا ہے۔گلوکوز کی تکسید کو مندرجہ ذیل طریقے سے ظاہر کیا جا سکتا ہے:

$$\underset{\text{Glucose}}{C_6H_{12}O_6} + 6O_2 \xrightarrow{\textbf{Respiration}} 6CO_2 + 6H_2O + \text{Energy}$$

لہذا کاربوہائڈریٹ (شکر اور اسٹارچ) ہمارے جسم میں توانائی کا اہم ذریعہ ہیں۔سیلولوز ریشہ (Roughage) کے طور پر کام کرتا ہے۔وہ کاربوہائڈریٹ جو فیلنگ محلول اور ٹالنس ریجنٹ کی تحویل کرتے ہیں تحویلی شکر کہلاتے ہیں۔سبھی مونوسیکرائڈ اور زیادہ تر ڈائی سیکرائڈ تحویلی شکر ہیں۔سکروز (گنے کی شکر) ایک غیر تحویلی شکر ہے اس لیے فیلنگ محلول کی تحویل نہیں کرتی ہے۔

کاربوہائڈریٹ کے لیے ٹیسٹ

1. **مولش کا ٹیسٹ(Moliseh's test)(کبھی کاربوہائڈریس کے لیے):** جب کاربوہائڈریٹ پر مشتمل نمونہ کے آبی محلول یا معلقہ کا بہ نیتھال (مولش کا ریجنٹ) کے ساتھ تعامل کرانے کے بعد ٹیسٹ ٹیوب کی دیواروں کے سہارے مرتکز سلفیورک ایسڈ

-کے چند قطرے ملائے جاتے ہیں تو دونوں پرتوں کے جنکشن پر سرخ بفشی حلقہ بن جاتا ہے۔ایسا اس لیے ہوتا ہ کیونکہ مرتکز سلفیورک ایسڈ کاربوہائڈریٹ کو فرفیورل (Furfural) یا اس کے مشتقوں میں تبدیل کر دیتا ہے جو الفانی تھال سے تعامل کر کے رنگین (سرخ بنفشی) ماحصل بناتا ہے۔

2۔ **ٹالنس ٹیسٹ (Tollen's Test) (تحویلی شکر کے لیے):** آزاد کاربوٹل گروپوں پر مشتمل کوئی بھی ایلڈوز یا کیٹوز ٹالنس ریجنٹ کو دھاتی سلور میں تحویل کر دیتے ہیں۔اس ٹیسٹ کو عام طور پر سلور مرر ٹیسٹ کہا جاتا ہے کیونکہ ٹیسٹ ٹیوب کی دیواروں پر آئینہ جیسا ماحصل بنتا ہے۔اس ٹیسٹ سے متعلق تعاملات ذیل میں دیے گئے ہیں۔

$$AgNO_3 + NH_4OH \longrightarrow NH_4NO_3 + AgOH$$

$$2\,AgOH \longrightarrow Ag_2O + H_2O$$

$$Ag_2O + 2NH_4OH \longrightarrow \underset{\text{(Soluble)}}{[Ag(NH_3)_2]\,OH^-} + H_2O$$

$$\begin{matrix} CH_2OH \\ | \\ (CHOH)_4 \\ | \\ CHO \end{matrix} + 2[Ag(NH_3)_2]^+ + 2OH \longrightarrow \begin{matrix} CH_2OH \\ | \\ (CHOH)_4 \\ | \\ COONH_4 \end{matrix} + 2NH_3 + H_2O + 2Ag$$

3۔ فیلنگ ٹیسٹ (Fehling's Test) جب فیلنگ محلول A اور B کی مساوی مقداروں کو تحویلی شکر کے آبی محلولوں میں ملا کر بوائلنگ واٹر ہاتھ پر گرم کیا جاتا ہے تو کیوپرس آکسائڈ کا سرخ رسوب بناہے۔اس ٹیسٹ سے متعلق تعاملات مندرجہ ذیل ہیں:

$$\begin{matrix} CH_2OH \\ | \\ (CHOH)_4 \\ | \\ CHO \end{matrix} + 2Cu(OH)_2 + NaOH \longrightarrow \begin{matrix} CH_2OH \\ | \\ (CHOH)_4 \\ | \\ COONa \end{matrix} + H_2O + Cu_2(OH)_2$$

$$Cu_2(OH)_2 \longrightarrow Cu_2O\downarrow + H_2O$$

4۔ اسٹارچ کے لیے آیوڈین ٹیسٹ اسٹارچ جب آیوڈین کے ساتھ تعامل کرتے ہیں تو بینگنی نیلا رنگ ظاہر ہوتا ہے۔اسٹارچ کی سطح پر آیوڈین کے انجذاب کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔گرم کرنے پر یہ رنگ غائب ہو جاتا ہے اور ٹھنڈا کرنے پر دوبارہ سے ظاہر ہو جاتا ہے۔

11.1.2 چربیاں (Fats)

چربیاں (چکنائیاں) لمبی زنجیر والے فیٹی ایسڈ اور گلسرال کی ٹرائی ایسٹر ہیں۔ چربیاں جسم میں توانائی فراہم کرتی ہیں۔ چربیاں اسی مقدار کے کاربوہائڈریٹ کے مقابلے میں دوگئی توانائی فراہم کرتی ہیں۔چربیاں پانی میں غیر حل پذیر ہیں۔عمل ہضم کے

دوران چربیاں فیٹی ایسڈ اور گلسرال جیسی اشیا میں ہائڈرولائز ہو جاتی ہیں جو مزید نسبتاً سادہ اشیا میں ٹوٹ جاتے ہیں۔ ہماری غذا میں مکھن، گھی، پنیر، دودھ، انڈے کی زردی، گوشت، میوے، مونگ پھلی اور سویا بین وغیرہ چربیوں کے ذرائع ہیں۔

چربیوں کے لیے ٹیسٹ (Tests for Fats)

1. **اسپاٹ ٹیسٹ (Spot Test)**: جب چربیوں پر مشتمل کسی نمونہ کو سفید کاغذ کی شیٹ پر دباتے یا رگڑتے ہیں تو گریس جیسا دھبہ (نیم شفاف دھبہ) نظر آتا ہے۔

2. **حل پذیری ٹیسٹ (Solubility Test)**: یہ ٹیسٹ اس حقیقت بنی ہے کہ چربیاں کلوروفارم الکحل وغیرہ جیسے نامیاتی محلول میں حل پذیر ہیں۔ نمونہ کی تھوڑی سی مقدار کو الگ الگ ٹیسٹ ٹیوبوں میں لیے گئے پانی، کلوروفارم اور الکحل میں ملاتے ہیں اور پانی یا نامیاتی محلوں میں نمونہ کی حل پذیری یا غیر حل پذیری کی بنیاد پر نتائج اخذ کیجیے۔

3. **ایکرولین ٹیسٹ (Acrotein Test)**: جب چربیوں پر مشتمل کسی نمونہ کو ٹیسٹ ٹیوب میں ٹھوس پوٹاشیم بائی سلفیٹ ($KHSO_4$) کے ساتھ گرم کرتے ہیں تو ایکرولین کی ناگوار بو پیدا ہوتی ہے۔ اس ٹیسٹ سے متعلق تعاملات مندرجہ ذیل ہیں:

$$\text{Oil or fat} \xrightarrow{\text{Heat}} \text{Glycerol + fatty acid}$$



Glycerol   Acrolein

4. **ہبل کا ٹیسٹ (Huble's Test) (چربیوں میں ناسیر شدگی کا تعین کرنے کے لیے)**: یہ ٹیسٹ اس حقیقت پر بنی ہے کہ کسی چربی یا تیل میں ناسیر شدگی کی مقدار جتنی زیادہ ہوگی مستقل بنفشی رنگ پیدا کرنے کے لیے ہبل کے محلول کی اتنی ہی زیادہ مقدار درکار ہوگی۔

اس ٹیسٹ کے لیے سیر شدہ چربی (نبولے کا تیل) اور غیر سیر شدہ چربی یا تیل (السی کا تیل) کی مساوی مقدار کو دو الگ الگ ٹیسٹ ٹیوبوں میں لیجیے اور دونوں ٹیسٹ ٹیوبوں میں ہبل کا محلول بوند بوند کر کے ملایئے۔ ہر ایک معاملے میں مستقل رنگ حاصل کرنے کے لیے درکار ہبل کے محلول کے قطروں کو شمار کیجیے۔ ہبل کے محلول کے قطروں کی تعداد جتنی زیادہ ہوگی نامیاتی مرکب میں سیر شدگی اتنی ہی زیادہ ہوگی۔



11.1.3 پروٹین (Proteins)

پروٹین بہت زیادہ سالماتی کمیت والے پیچیدہ نائٹروجن مرکبات ہیں۔ یہ جاندار اجسام کی نشوونما اور رکھ رکھاؤ نیز جین یک انفارمیشن کی ترسیل میں مدد کرتی ہیں۔ پروٹین، امینوایسڈوں پر مشتمل ہوتی ہیں جو بنیادی بلڈنگ بلاک کے طور پر کام کرتے ہیں۔جسم کو 20 مختلف امینوایسڈوں کی ضرورت ہوتی ہے ان میں سے کچھ لازمی امینوایسڈ کہلاتے ہیں کیونکہ جسم میں ان کی تالیف نہیں کی جاسکتی ہے۔انھیں غذا سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

پروٹین کے لیے ٹیسٹ

1. **بائی یوریٹ ٹیسٹ (Biuret Test)**: جب پروٹین کے نمونہ کا قلوی میڈیم میں کاپر سلفیٹ کے ساتھ تعامل کرایا جاتا ہے تو بنفشی رنگ ظاہر ہوجاتا ہے۔رنگ کی شدت مختلف نمونوں میں پروٹین کی نسبتی مقدار کو بھی ظاہر کرتی ہے۔

2. **نن ہائڈرین ٹیسٹ (Ninhydrin Test)**: جب نن ہائڈرین کے 0.1% الکحل محلول کے چند قطرے پروٹین کے بہت زیادہ ڈائی لیوٹ محلول/معلقہ میں ملا کر اسے 2-1 منٹ تک ابال لیتے ہیں تو سرخ بینگنی رنگ ظاہر ہوجاتا ہے۔

3. **زینتھو پروٹین ٹیسٹ (Xanthoprotein Test)** جب پروٹین کے آبی محلول کا نائٹرک ایسڈ کے چند قطروں کے ساتھ تعامل کراتے ہیں اور پھر اسے کچھ دیر کے لیے یونہی چھوڑ دیتے ہیں تو گہرا زرد رنگ ظاہر ہوجاتا ہے۔

4. **ملین کا ٹیسٹ (Million's Test)**: دودھ کے چند قطروں کو ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ کی موجودگی میں مرکیورک نائٹریٹ کے ساتھ گرم کر کے ٹھنڈا کرلیا جاتا ہے۔اس میں سوڈیم نائٹریٹ محلول کا ایک قطرہ ڈال کر آمیزہ کو دوبارہ گرم کرتے ہیں۔سرخ رنگ کا ظاہر ہونا اس بات کی علامت ہے کہ دودھ میں پروٹین موجود ہے۔

11.2 مطلوبہ اشیا

(1) آلات	(2) کیمیائی اشیا
ٹیسٹ ٹیوب مع اسٹینڈ، برنر	فیلنگ کا محلول-A اور B، مولش ریجنٹ (α) لیفتھال)، سلور نائٹریٹ، امونیم ہائڈرا کسائڈ، آیوڈین محلول، ا۔ تھائل الکوحل، سیل کا محلول، پوٹاشیم ہائی سلفیٹ، ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ، مرکیورک نائٹریٹ، سوڈیم نائٹریٹ، نائٹرک ایسڈ، نن ہائڈرین محلول (الکوحل میں 0.1%) سوڈیم ہائڈرا کسائڈ کا پرسلفیٹ اور کچھ غذائی اشیا کے نمونے مثلاً دودھ، سکروز، گلوکوز، گیہوں کا آٹا، خوردنی تیل بھی مکھن، پنیر، آلو کے ٹکڑے، نیبو، انگور، کیلا، انڈے، انڈے کی سفیدی کا 5% محلول

11.3 تجربہ کو کس طرح انجام دینا ہے

11.3.1 ورک شیٹ نمبر 1: کاربوہائڈریٹ کے لیے ٹیسٹ

نتیجہ	مشاہدہ	تجربہ
		کاربوہائڈریٹ کے لیے **(1) مولش کا ٹیسٹ:** نمونہ کے آبی محلول یا معلقہ کی 2-3 mL مقدار لیجیے اور اس میں موش ریجنٹ کے چند قطرے ملا کر اچھی طرح ہلائیے۔ اب ٹیسٹ ٹیوب کی دیواروں کے سہارے مرتکز H_2SO_4 کے 5-6 قطرے ملا ہے۔
		(ii) ٹالن کا نیسٹ: ایک ٹیسٹ ٹیوب لیجیے اور اسے NaOH محلول سے اچھی طرح دھو لیجیے۔ اب اسے پانی سے دھوئیے تاکہ NaOH صاف ہو جائے۔ اس ٹیسٹ ٹیوب میں 2-3 کا ابو ہائڈریٹ کا آبی محلول لیجیے اور 2-3 ملی لیٹر تازہ تیار کیا ہوا ٹالن کا ریجنٹ اس میں ملا دیجیے۔ ٹیسٹ ٹیوب کو تقریبا 10 منٹ کے لیے ہوائلنگ واٹر ہاتھ میں رکھ دیجیے۔
		(iii) فیھلنگ ٹیسٹ: تقریبا 18 غذائی شے (کچلی ہوئی) یا نمونہ کے آبی محلول (5%) کی 2-3 مقدار لیجیے۔ فیھلنگ محلول A اور B ہر ایک کی 2ml مقدار ملائیے اور ٹیسٹ ٹیوب کو بوائلنگ واٹر ہاتھ میں رکھ دیجیے۔
		(iv) اسٹارچ کے لیے آیوڈین ٹیسٹ ایک ٹیسٹ ٹیوب میں غذائی نمونے کی 1-2g مقدار لیجیے اور اس میں ڈائی لیوٹ آیوڈین محلول کے چند قطرے ملائیے۔

11.3.2 ورک شیٹ نمبر 2: چربیوں کے لیے ٹیسٹ

نتیجہ	مشاہدہ	تجربہ
		چربیوں کے لیے (1) اسپاٹ ٹیسٹ غذائی اشیا کی تھوڑی سی مقدار لے کر اسے سفید کاغذ پر دبائیے یا رگڑیے۔ کاغذ کو روشنی کے سامنے لائیے۔

تجربہ	مشاہدہ	نتیجہ
(ii) حل پذیری ٹیسٹ دیے ہوئے نمونہ کی تھوڑی سی مقدار (50g) ایک ٹیسٹ ٹیوب میں لیجیے۔ اس میں 3-2mL پانی ملائیے اور اچھی طرح ہلائیے۔ مشاہدہ کیجیے کہ آیا یہ نمونہ اس میں حل پذیر ہے یا نہیں۔ اسی طرح مرکب کی حل پذیری کی جانچ CCl_4 اور الکحل کے ساتھ الگ الگ کیجیے۔		
(iii) ایکرولین ٹیسٹ: نمونہ کی تھوڑی سی مقدار (2-3g) کو ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 2-3g ٹھوس $KHSO_4$ کے ساتھ گرم کیجیے۔ ٹیسٹ ٹیوب کے منہ کو اپنی ناک کے پاس لائیے اور خارج ہونے والی گیس کی بو سونگھیے (صرف سطحی طور پر)		
(iv) غیر سیر شدگی کے لیے روبل کا ٹیسٹ: دو ٹیسٹ ٹیوب لیجیے اور ان کی A اور B کے طور پر نشاندہی کیجیے۔ ہر ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 3-4mL کلوروفارم ملائیے۔ ٹیسٹ ٹیوب A میں غیر سیر شدہ چربی والا نمونہ (السی کا تیل) (2-3g) لیجیے اور ٹیسٹ ٹیوب B میں سیر شدہ چربی پر مشتمل نمونہ لیجیے (بنولے کا تیل)۔ ہر ایک ٹیسٹ ٹیوب میں روبل کا محلول بوند بوند کر کے ملائیے اور اس وقت تک قطروں کی تعداد شمار کرتے رہے جب تک کہ ہر ایک ٹیسٹ ٹیوب میں مستقل طور پر نقشی رنگ ظاہر نہیں ہو جاتا۔		

11.3.3 ورک شیٹ نمبر 3: پروٹین کے لیے ٹیسٹ

تجربہ	مشاہدہ	نتیجہ
پروٹین کے لیے (i) بائی یوریٹ ٹیسٹ ایک ٹیسٹ ٹیوب میں دودھ یا پروٹین پر مشتمل کسی دوسرے نمونہ کی ImL مقدار لیجیے۔ اس میں NaOH محلول کے چند قطرے (4-5) ملا کر اسے قلوی بنا لیجیے اس کے بعد اس میں ڈائی لیوٹ $CuSO_4$ محلول کے 4-5 قطرے ملائیے۔		

		(ii) نن ہائڈرین ٹیسٹ ایک ٹیسٹ ٹیوب میں انڈے کی سفیدی کے 5 محلول کی 1 ml مقدار لیجیے۔ اب اس میں 0.1 % نن ہائڈرین محلول کے 4-5 قطرے ملایئے۔ٹیسٹ ٹیب کے مواد کو تقریباً ایک منٹ تک ابالیے اور پھر اسے ٹھنڈا کیجیے۔
		(iii) زینتھو پروٹین ٹیسٹ ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 2-3 گرام گیہوں کا ست لیجیے۔ اس میں 2-3mL مرتکز HNO_3 ملایئے اور آمیزہ کو اچھی طرح ہلا کر ایک طرف رکھ دیجیے۔
		(iv) ملن کا ٹیسٹ ایک ٹیسٹ ٹیوب میں ImL دودھ لیجیے۔ اس میں 1-2 قطرے مرکیورک نائٹریٹ محلول کے اور ایک قطرہ ڈائی لیوٹ H_2SO_4 کا ملایئے۔مواد کو ابالیے اور ٹھنڈا کیجیے۔اب اس میں $NaNO_3$ محلول کا ایک قطرہ ملایئے۔آمیزہ کو گرم کیجیے اور ٹھنڈا ہونے دیجیے۔

11.4 احتیاط (Precautions)

1. تعاملات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی گیسوں کو احتیاط کے ساتھ سونگھیے۔
2. کچھ مرکبات بہت زیادہ تاکلی ہوتے ہیں۔مثلاً فینول آپ کی جلد کو جلا سکتا ہے اور اس پر چھالے پڑ سکتے ہیں۔ایسا ہونے پر فوراً فرسٹ ایڈ لیجیے۔
3. مواد کو گرم کرنے کے لیے واٹر باتھ کا استعمال کیجیے۔نامیاتی مرکبات کو براہ راست اوپر مت گرم کیجیے- کیونکہ یہ آسانی سے آگ پکڑ لیتے ہیں۔
4. نیوٹرل فیرک کلورائڈ کو تازہ تیار کرنا چاہیے(بنانے کا طریقہ ضمیمہ میں دیا گیا ہے)۔
5. ٹالنس ریجنٹ تازہ تیار کیا ہوا ہونا چاہیے(بنانے کا طریقہ ضمیمہ میں دیا گیا ہے)۔
6. فیھلنگ محلول تیار کرنے کے لیے فیبلنگ محلول A اور فیہالنگ محلول 13 کی مساوی مقدار کو ملایئے۔

11.5 مشاہدات (Observations)

اپنے مشاہدات کو خالی ورک شیٹ میں بھر لیجیے۔

جدول 11.1

ٹیسٹ	گلوکوز	سکروز	اسٹارچ
.1 پانی میں حل پذیری	حل پذیر	حل پذیر	غیر حل پذیر
.2 فیہلنگ ٹیسٹ			
.3 ٹالنس ٹیسٹ			
.4 مولش کا ٹیسٹ			
.5 بینیڈکٹ کا ٹیسٹ			
.6 آیوڈین ٹیسٹ			

جدول 11.2

نمبر شمار	ٹیسٹ	چربی (سیر شدہ)		چربی (غیر سیر شدہ)
		حیوانی	نباتاتی	
1۔	اسپاٹ ٹیسٹ			
2۔	حل پذیری ٹیسٹ (نامیاتی محلل میں)			
3۔	ایکرولین ٹیسٹ			
4۔	روبل کا ٹیسٹ			

11.6 نتائج (Conclusions)

کاربوہائڈریٹ کے لیے کی گئی جانچ پر مبنی مندرجہ ذیل نتائج اخذ کیے گئے:

(i) دیے گئے نمونہ میں کاربوہاڈریٹ موجود ہے/موجود نہیں ہے۔

(ii) دیے ہوئے نمونہ میں تحویلی/غیر تحویلی شکر موجود ہے۔

چربیوں کے لیے:

(1) نمونے میں چربی موجود نہیں ہے۔

(ii) نمونے میں سیر شدہ/غیر سیر شدہ چربی موجود ہے۔

پروٹین کے لیے:

(i) دیے ہوئے نمونے میں پروٹین موجود ہے۔

(ii) دیے ہوئے نمونے میں پروٹین نہیں ہے۔

مشترک

(i) دیے ہوئے نمونے میں چربی اور پروٹین موجود ہیں۔

(ii) دیے ہوئے نمونے میں کاروہائڈریٹ اور پروٹین موجود ہیں۔

(iii) دیے ہوئے نمونے میں کاربوہائڈریٹ، چربی اور پروٹین موجود ہیں۔

11.7 اپنی تفہیم کی جانچ کیجیے

1. کاربوہائڈریٹس کو کاربن کے ہائڈریٹس' کیوں کہتے ہیں؟

....

2. کاربوہائڈریٹ کی تعریف بیان کیجیے۔

....

3. پالی سیکرائڈ کا جنرل فارمولا بتائیے۔

....

4. تحویلی شکر سے کیا مراد ہے؟

....

5. جب کاربوہائڈریٹ فیلنگ محلول سے تعامل کرتا ہے تو سرخ رسوب کی شکل میں بننے والے مرکب کا نام بتائیے۔

....

6. اس کاربوہائڈریٹ کا نام بتائیے جو ہمارے جسم میں ہضم نہیں ہوتا۔

....

7. کون سا کاربوہائڈریٹ آیوڈین سے تعامل کر کے رنگین ماحصل بناتا ہے۔

....

8. چربیاں کیا ہیں؟

....

9. چربیوں کی آب پاشیدگی کے نتیجے میں بننے والے ماحصلات کے نام بتائیے۔

....

10. ایکرولین کا ساختی فارمولا لکھیے۔

....

11. چربیوں کے چار ذرائع بتائیے۔

....

12. کمرہ کے درجہ حرارت پر سیر شدہ اور غیر سیر شدہ چربیوں کی طبعی حالت میں کیا فرق ہوتا ہے؟

....

13. چربی پر مشتمل ایک آمیزہ میں مستقل بنفشی رنگ حاصل کرنے کے لیے نسبتاً زیادہ مہبل محلول کی ضرورت پڑتی ہے۔اس مشاہدہ سے آپ کیا نتیجہ اخذ کریں گے؟

....

14. پروٹین کی تعریف بیان کیجیے۔

....

15. ہمارے جسم میں پروٹین کا اہم کام کیا ہے؟

....

16. اس بانڈنگ کا نام بتائیے جس کے ذریعے امینو ایسڈ پروٹین کی تشکیل کرتے ہیں؟

....

11.8 استاد کے لیے نوٹ

1. اس بات کو یقینی بنائیے کہ طلبا کاربوہائیڈریٹ (گلوکوز، سکروز اور اسٹارچ)، سیر شدہ اور غیر سیر شدہ چربیوں میں سے ہر ایک کے کم از کم ایک نمونہ پر خود کام کریں۔
2. جب طلبا کبھی نمونوں کی جانچ کا کام مکمل کرلیں تو ان سے نامعلوم شے کی شناخت کرنے اور اس کی تفصیل تجربہ شیٹ میں لکھنے کے لیے کہا جائے۔
3. سبھی تجربات میں بہت سادہ تعاملات واقع ہوتے ہیں۔طلبا سے کہا جائے کہ وہ کیمیائی اشیا کو آہستہ آہستہ ملائیں اور غور سے مشاہدہ کریں۔

11.9 اپنے جوابات کی جانچ کیجیے

1. کاربوہائیڈریس کو کاربن کے ہائیڈریٹ اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ کاربوہائیڈریس میں ہائیڈروجن اور آکسیجن کا تناسب پانی کے جیسا ہی ہوتا ہے۔
2. کاربوہائیڈریٹ پالی ہائیڈروکسی ایلیڈیہائیڈ یا کیٹون ہیں۔
3. $(C_6H_{14}O_3)$
4. وہ شکر جن میں آزاد کاربوتل گروپ ہوتا ہے نان ریجنٹ، فیبلنگ محلول کی تحویل کر کے بالترتیب دھاتی سلور اور Cu_20 بناتی ہیں۔ اس قسم کے شکر کو تحویلی شکر کہتے ہیں۔
5. Cu_2O (کیوپرس آکسائڈ)
6. سیلولوز
7. اسٹارچ
8. چربیاں لمبی زنجیر والے فیٹی ایسڈ اور گلسرال کی برائی ایسٹر میں
9. فیٹی ایسڈ اور گلسرال
10. $$\begin{array}{c} CH_2 \\ \| \\ CH \\ | \\ CHO \end{array}$$
11. بنولے کا تیل، ناریل کا تیل، دودھ گھی
12. کمرہ کے درجہ حرارت پر سیرشدہ چربیاں ٹھوس اور غیر سیر شدہ چربیاں رقیق حالت میں پائی جاتی ہیں۔
13. دی ہوئی چربی میں غیر سیر شدگی زیادہ ہے۔
14. پروٹین پیچیدہ نائٹروجنی نامیاتی مرکبات ہیں۔
15. پروٹین ہمارے جسم کے بافتوں کی نشوونما اوران کے رکھ رکھاؤ (مرمت) میں مدد کرتی ہیں علاوہ ازیں یہ مختلف عضویاتی / فعلیاتی سرگرمیوں میں باقاعدگی پیدا کرتی ہیں۔
16. امینوایسڈ پیپٹائڈ بونڈ کے ذریعے منسلک ہوکر پولی پیپٹائڈ زنجیر (پروٹین) بناتے ہیں۔

تجربہ –12

مختلف تیلوں کا استعمال کر کے صابن تیار کرنا اور فومنگ کی صلاحیت اور صفائی کے اثرات کا تعین کر کے مارکیٹ کے صابن کے ساتھ اس کا موازنہ کرنا۔

12.1 مقاصد

اس تجربے کو انجام دینے کے بعد، آپ کو اس قابل ہونا چاہئے:

☆ مختلف سبزیوں کے تیل کا استعمال کرتے ہوئے صابن تیار کریں۔

☆ صابن کے مختلف برانڈز کی فومنگ صلاحیت کا موازنہ کریں۔

☆ صابن کے مختلف برانڈز کی صفائی کے اثرات کا موازنہ کریں۔

12.2 آپ کو کیا معلوم ہونا چاہئے

عام صابن فیٹی ایسڈ کے سوڈیم نمکیات ہیں. وہ سبزیوں کے تیل، جانوروں کی چربی کو مرتکز سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ حل کے ساتھ گرم کر کے بنائے جاتے ہیں. سبزیوں کے تیل گلیسرول کے ایسٹر ہیں جن میں بڑی حد تک لمبی زنجیر ہوتی ہے، غیر متعلقہ کاربوکسیلک ایسڈ جیسے اولیک ایسڈ ($C_{13}H_{31}COOH$) یا لینولک ایسڈ ($C_{13}H_{33}COOH$)۔ چربی گلیسرول کے ایسٹر ہیں، جن میں طویل زنجیر والے کاربوکسیلک ایسڈ جیسے سٹیرک ایسڈ ($C_{13}H_{35}COOH$)۔ جب سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کے ساتھ علاج کیا جاتا ہے تو تیل اور چربی ہائیڈرولائٹس (سیپونیفیکیشن) سے گزرتے ہیں۔ کاربوکسیلک ایسڈ (صابن) اور گلیسرول کا سوڈیم نمک رد عمل کی مصنوعات کے طور پر حاصل کیا جاتا ہے.

صابن کی صفائی کا عمل: صابن مختلف طریقوں سے صفائی کے ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ صابن کا مالیکیول دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے، ہائیڈروکاربن حصہ (R^-) اور آئنک حصہ ($COONa^+$)۔ ہائیڈروکاربن کا حصہ تیل میں حل پذیر ہے اور آئنک حصہ پانی میں حل پذیر ہے۔ جب صابن کا محلول پانی میں شامل کیا جاتا ہے تو، یہ ایک کولائیڈل معطّلی اور صابن کے مالیکیولز کو ایک ساتھ جوڑتا ہے۔ ان کلسٹروں کو مائکلز کے نام سے جانا جاتا ہے۔ مائسل پانی میں معطل رہتے ہیں کیونکہ اسی طرح کے چارج مالیکیول کا اختتام ہیں۔

جب چکنائی یا تیل والے پانی میں صابن کا محلول شامل کیا جاتا ہے تو، مائسل ٹوٹ جاتے ہیں۔ ہائیڈروکاربن کا حصہ چکنائی میں سرایت کر جاتا ہے۔ تحریک اب منفی چارج شدہ کاربوکسیلیٹ گروپوں کے ذریعہ ڈھکی ہوئی سطحوں کے ساتھ مائکلز میں چکنائی کو توڑ دیتی ہے۔ منفی چارجز کی کوٹنگ کے ساتھ ہر مائسل کی پوری سطح کو ڈھانپ لیا جاتا ہے، چکنائی کے قطرے ایک دوسرے کو پسپا کرتے ہیں اور دھونے والے پانی میں معطل رہتے ہیں۔ آخر میں، معطل قطرے نیچے چلے جاتے ہیں اور بہہ جاتے ہیں. اس طرح، صابن تیل یا چکنائی کے پھیلاؤ کو لانے کے لئے ایک ایموسیفنگ ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔

12.3 مطلوبہ اشیاء

(1) آلات

بیکر (250 ملی لیٹر)، گلاس ٹیوب-2،

پیمائش سلنڈر (10mL)

گلاس روڈ، ابلتی ٹیوب-2،

اسکیل (30 سینٹی میٹر)، فنل، فلٹر کاغذ، اسپیٹولا، گلاس اسٹر

(2) کیمیکل

سبزیوں کا تیل یا چربی (کیسٹر، زیتون وغیرہ)،

، سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ، عام نمک، انڈیگو

12.4 تجربہ کیسے انجام دیں

ایک 250 ملی لیٹر بیکر میں 50 ملی لیٹر پانی لیں اور اس میں تقریباً 10 گرام سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ تحلیل ہو جائے۔ سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے وزن کے لئے ایک عام توازن استعمال کریں. ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 10 ملی لیٹر کیسٹر آئل (ٹیسٹ ٹیوب کے آدھے سے تھوڑا سا زیادہ) لیں اور اسے آہستہ آہستہ سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ محلول میں مسلسل ہلچل کے ساتھ منتقل کریں۔

مکسچر کو آنچ پر آہستہ آہستہ گرم کریں جب تک کہ یہ ابل نہ جائے۔ مکسچر کو گرم کرتے وقت ہلاتے رہیں۔ مرکب کو 2-3 منٹ کے لئے ابالیں اور پھر اسے کمرے کے درجہ حرارت پر ٹھنڈا ہونے دیں۔ ٹھوس کے بڑے ٹکڑوں کو توڑ دیں، اگر کوئی ہو. مرکب کو فلٹر کریں اور فنل میں ٹھوس باقیات کو تھوڑا سا پانی سے دھولیں اور اسے خشک ہونے دیں۔

فومنگ کی صلاحیت کا موازنہ: مارکیٹ سے مختلف برانڈز کے لیبارٹری میں تیار کردہ صابن اور 2-3 صابن کا نمونہ لیں۔ ہر صابن کے نمونے کا ایک گرام وزن کریں اور اسے 100 گرام پانی میں تحلیل کریں۔ ابلتی ہوئی ٹیوب میں 10 ملی لیٹر صابن کا محلول لیں اور حل کو ہلا کر بیس باقاعدگی سے اسٹروک بنائیں، تاکہ فوم یکساں طور پر بڑھ جائے۔ اس طرح پیدا ہونے والے فوم کی اونچائی کو پیمانے کے ساتھ پیمائش کریں۔ اس تجربے کو ہر برانڈ کے صابن کے ساتھ دہرائیں۔ اپنے مشاہدے کو جدول 12.1 میں ریکارڈ کریں

پھیلاؤ کی طاقت: ابلتی ہوئی ٹیوب میں تقریباً 0.5 گرام نیل لیں اور اس میں 5 ملی لیٹر صابن کا محلول شامل کریں جیسا کہ اوپر تیار کیا گیا ہے۔ ہلائیں اور 20 ملی لیٹر ڈسٹیلڈ واٹر شامل کریں۔ تھوڑی دیر کے لئے کھڑے ہونے کی اجازت دیں اور نیل کے ذرات کی کسی بھی علیحدگی کا مشاہدہ کریں۔ صابن کے مختلف برانڈز کا استعمال کرتے ہوئے تجربہ دہرائیں۔ صابن کی پھیلنے کی طاقت کا موازنہ کریں اور اسے ایک گریڈ تفویض کریں۔ اسے جدول 12.2 میں ریکارڈ کریں۔

12.5 احتیاطی تدابیر

1. ردعمل کے مرکب کو لگاتار ہلائیں تاکہ سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ محلول کے ساتھ تیل کی مکمل آمیزش کو یقینی بنایا جا سکے۔
2. ابلتی ہوئی ٹیوب میں صابن کے محلول کو ہلاتے وقت، فالج یکساں ہونا چاہئے اور صابن کے تمام نمونوں کے لئے تعداد میں یکساں ہونا چاہئے۔

3. کمرے کے درجہ حرارت پر تمام صابن کے نمونوں کی فومنگ کی صلاحیت کا موازنہ کریں کیونکہ فومنگ کی صلاحیت درجہ حرارت کے ساتھ مختلف ہوتی ہے۔

4. سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ انتہائی نقصان دہ ہے۔اسے احتیاط سے استعمال کریں

12.6 مشاہدات

جدول12.1: مختلف صابن کے نمونوں کی فومنگ صلاحیت کا موازنہ

شمار	صابن برانڈ کا نام	فوم کی اونچائی سینٹی میٹر میں پیدا ہوتی ہے
1.	لیب بنائی گئی	
2.	بازار کا صابن	
(a	نمونہ-1	
(b	نمونہ-2	
(c	نمونہ-3	

جدول12.2: مختلف صابن کے نمونوں کی فومنگ صلاحیت کا موازنہ

شمار	صابن برانڈ کا نام	پھیلاؤ کی طاقت کے لئے درجہ بندی
1.	لیب بنائی گئی	
2.	بازار کا صابن	
(a	نمونہ-1	
(b	نمونہ-2	
(c	نمونہ-3	

12.7 نتیجہ

صابن کی فومنگ صلاحیت کی درجہ بندی مندرجہ ذیل ترتیب میں ہے جیسا کہ جدول12.3 میں دیا گیا ہے۔

جدول12.3

صابن بنانا	درجہ بندی (اے/بی/سی/ڈی)
1. لیب بنائی گئی	....
2. بازار کا صابن	
(a	....
(b	....
(c	....

پھیلاؤ کی طاقت کی درجہ بندی جدول 12.3 کی طرف اشارہ کیا گیا ہے

پھیلنے کی طاقت کی بنیاد پر، صابن کی صفائی کی طاقت مندرجہ ذیل ترتیب میں ہے جیسا کہ جدول 12.3 میں دیا گیا ہے:

جدول 12.4

پھیلاؤ کی درجہ بندی کی کم ہوتی ترتیب	صابن بنائیں
A B C D	

12.8 اپنی تفہیم کی جانچ کریں

1. صابن تیار کرتے وقت، این اے او ایچ حل میں تیل / چربی شامل کرنے کو ترجیح دی جاتی ہے اور اس کے برعکس نہیں۔ وجوہات بتانے کی وضاحت کریں۔

....

2. صابن کی کیمیائی نوعیت کیا ہے؟

....

3. صابن تیار کرتے وقت ردعمل کے مرکب کو مسلسل ہلانا کیوں ضروری ہے؟

....

4. لیبارٹری میں تیار صابن کو پانی سے کیوں دھونا چاہیے؟

....

12.9 استاد کے لئے نوٹ

12.1 اور 212 میں، مارکیٹ صابن کے تجارتی نام طلباء کی طرف سے نہیں دیئے جانے چاہئیں۔ انہیں صرف نمونہ نمبر 1، 2، 3 وغیرہ کی نشاندہی کرنی چاہیے۔

12.10 اپنی تفہیم کی جانچ کیجئے۔

جواب: .1 سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ تیل/ چربی کو گلیسرول اور کاربوکسیلک ایسڈ میں توڑ دیتا ہے۔ ردعمل بہت تیز ہے. جب سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ میں تیل/ چربی شامل کی جاتی ہے تو بڑی مقدار میں گرمی پیدا ہوتی ہے اور سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ زیادہ ہوتا ہے جبکہ جب سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کو تیل میں شامل کیا جاتا ہے تو تیل زیادہ ہوتا ہے۔

جواب: .2 صابن طویل زنجیر فیٹی ایسڈ کے سوڈیم یا پوٹاشیم نمکیات ہیں۔

جواب: .3 صابن کی تیاری کے لئے ضروری دوریایکٹنٹ (سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کا تیل اور آبی محلول) ناقابل تسخیر ہیں۔ دونوں ری ایکٹنٹس کے مالیکیولز کو ایک دوسرے کے رابطے میں لانا ضروری ہے۔

جواب: .4 صابن کی تیاری میں حاصل ہونے والے ردعمل کے مرکب میں غیر فعال سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ ہوتا ہے۔ اسے پانی سے صابن دھونے سے دور کیا جاتا ہے۔

تجربہ - 13

(a) معلوم مولاریت والے آگزیلک ایسڈ اور فیرس امونیم سلفیٹ کا محلول تیار کرنا۔ کیمیائی ترازو کے استعمال کا مظاہرہ کرنا۔

(b) تیزاب-اساس ٹائٹریشن (معائزہ) کا مطالعہ (واحد ٹائٹریشن)

(i) معیاری آگزیلک ایسڈ محلول کے مقابل ٹائٹریٹنگ کے ذریعے دیے ہوئے NaOH محلول کی مولاریت معلوم کرنا۔ دونوں محلول فراہم کیے گئے ہیں۔

(c) ریڈاکس ٹائٹریشن کا مطالعہ (صرف واحد معاشرہ)

(i) 50/M موہر سالٹ (فیرس امونیم سلفیٹ) محلول کے مقابلے ٹائٹریٹنگ کے ذریعے دیے ہوئے پوٹاشیم پرمینگنیٹ محلول کی مولاریت معلوم کرنا۔ دونوں محلول دیے گئے ہیں۔

مقاصد

اس تجربہ کو انجام دینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

☆ کیمیائی ترازو کو صحیح طریقے سے استعمال کر سکیں؟

☆ کیمیائی ترازو کا استعمال کر کے کیمیائی اشیا کا صحیح طریقے سے وزن کر سکیں؟

☆ بیوریٹ اور پیپٹ کو صحیح طریقے سے استعمال کر سکیں؟

☆ پیپٹ کی مدد سے دیے ہوئے محلول کو صحیح طریقے سے بروئے کار لا سکیں؟

☆ آگزیلک ایسڈ اور فیرس امونیم سلفیٹ کے معیاری محلول تیار کر سکیں؟

☆ حتمی نقطہ کی شناخت کر سکیں:

☆ تیزاب اساس (آگزیلک ایسڈ اور سوڈیم ہائڈروکسائڈ) اور ریڈاکس (فیرس امونیم سلفیٹ اور پوٹاشیم پرمینگنیٹ ٹائٹریشن انجام دے سکیں؟

☆ مناسب فارمولے کا استعمال کر کے دیے ہوئے محلول کی مولاریت کا حساب لگا سکیں۔

13.1 آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیے

حجمی تجزیہ ایک مقداری تجزیہ ہے جس میں نتائج کو مخصوص متعینہ تم میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس عمل میں کم از کم ایک محلول ایسا استعمال کیا جاتا ہے جس کا ارتکاز معلوم ہو۔ اس محلول کو تیار کرنے کے لیے منحل کی متعینہ مقدار کو محل میں گھولا جاتا ہے تا کہ معلوم حجم کا محلول حاصل ہو سکے۔ اس محلول کے اس حجم کو متعین کیا جائے گا جو دوسری شے کے نامعلوم ارتکاز والے محلول کے حجم سے تعامل کرتا ہے۔ اس عمل کو معائزہ (ٹائٹریشن) کہتے ہیں۔

15.1.1 آلات کو استعمال کرنا

حجمی تجزیہ میں ہمارا واسطہ محلول کے حجموں سے پڑتا ہے۔ لہٰذا ان کی درست پیمائش بہت ضروری ہے۔ شیشہ کے آلات بالکل صاف ہونے چاہئیں اور چکنائی آمیز گندگی سے مبرا ہونے چاہئیں۔ بیوریٹ، پیپٹ اور مجی فلاسک میں محلول کی سطح کی ریڈنگ میں اختلاف

منظر کی وجہ سے ہونے والی غلطیوں سے گریز کیا جائے۔ (شکل 15.1) میں دکھائے گئے برتن میں حجم کی ریڈنگ کے لیے، تیر کا نشان آنکھ کی صحیح پوزیشن کو دکھاتا ہے۔



شکل 15.1 بیوریٹ ریڈنگ کو نوٹ کرنے کا صحیح طریقہ

13.1.2 پیپیٹ (Pipette)

پیپٹ مختلف حجموں میں دستیاب ہیں اور ٹائٹریشن کے دوران پیپٹ کے ذریعے رقیق شے کو نکالنے کے لیے مطلوبہ حجم والے پیپیٹ کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسے عمودی حالت میں اس طرح رکھنا چاہیے کہ اس کا نچلا سر برتن کی دیوار کے تماس میں رہے۔ جب رقیق کو پیپٹ سے باہر نکالا جاتا ہے تو محلول کی بہت تھوڑی سی مقدار پیپٹ کے نچلے حصے میں ہی رہ جاتی ہے۔ یہ باہر نہیں نکل پاتی ہے۔ اس کے لیے پیپٹ کے بلب کو بائیں ہاتھ میں پکڑیے اور بالائی سرے کو انگلی کی مدد سے بند کر لیجیے۔ پیپٹ کے نچلے سرے کو برتن کی دیوار سے مس کیجیے۔ پیپٹ کو استعمال کرنے اور محلول کو باہر نکالنے کا صحیح طریقہ شکل (a)15.2 اور (b)15.2 میں دکھایا گیا ہے۔



Fig. 13.2: *(a) Pipette (b) Handling of a pipette (c) Correct way to drain out the solution*



Fig. 13.3 : *Correct way to note down the pipette readings*

13.1.3 کیمیائی ترازو تعارف

کیمیائی ترازو کا استعمال عام طور سے کیمیائی تجربہ گاہوں میں کیمیائی اشیا کی صحیح مقدار کو تولنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ کیمیائی تعاملات اسی وقت مکمل ہوتے ہیں جب اشیا (متعاملوں) کی بالکل صحیح صحیح مقدار لی جائے۔ شے کے ہر ایک سالمہ یا ایٹم کی اپنی ایک اہمیت ہے۔ لہذا ہر ایک تجربہ میں اشیا کی بالکل درست کمیت کا ہی استعمال کیا جانا چاہیے۔ لہذا بڑے والی ترازو ان کاموں کے لیے مفید نہیں ہے۔ اشیا کی بالکل صحیح کمیت کو تولنے کے لیے کیمیائی ترازو کا ہی استعمال ہوتا ہے۔



Fig. 13.4 : *Single Pan Balance*



Fig. 13.5 : *Rough Balance*



Fig. 13.6 : *Analytical Balance*

تجزیاتی ترازو ایک ایسا آلہ ہے جس کی مدد سے کسی شے کی کمیت کا تعین کیا جاتا ہے۔اس کے لیے ترازو کے مرکزی فلکرم پر ٹکی ہوئی ڈنڈی (bar) کے دونوں مقابل سروں پر معادل وزن لٹکائے جاتے ہیں۔اسے ایک ایسے استوار بیم کے طور پر تصور کیا جا سکتا ہے جس کے مرکز میں ایک فلکرم ہوتا ہے اور مساوی لمبائی کے دو بازو ہوتے ہیں۔کیمیائی ترازو کو شکل (15.7) میں دکھایا گیا ہے۔

ایک کیمیائی ترازو کے ہلکے وزن کے بیم (Beam) پر مشتمل ہوتی ہے جس کے مرکز پر دھار دار چاقو جیسی ساخت لگی ہوتی ہے۔یہ خالص کورنڈم سے بنی پلیٹ پر لڑکا ہوتا ہے اور پلیٹ ستون سے منسلک رہتی ہے۔بیم کے دونوں سروں پر دو Knifeedges لگے ہوتے ہیں اور یہ مرکزی Knifeedge سے مساوی فاصلے پر ہوتے ہیں۔بیم کے دونوں سروں پر صفر تطبیق کے لیے دو تطبیقی پیچ لگے ہوتے ہیں۔بیم کا مرکز ایک پوائنٹر سے منسلک رہتا ہے اور پوائنٹر ستون کے پایہ سے مسلک اسکیل پر گھوم سکتا ہے۔ترازو کے اساس پر دو سطحی پیچ لگے ہوتے ہیں اور ستون سے ایک line-Pumb لٹکی رہتی ہے۔بیم 100 خانوں میں منقسم رہتا ہے یعنی فلکرم کے ایک جانب 50 خانے ہوتے ہیں۔

اس پورے انتظام کو ایک ایسے لکڑی کے بکس میں رکھ دیا جاتا ہے جس کے چاروں طرف شیشے لگے رہتے ہیں۔



Fig. 13.7 : *A chemical Balance*

باٹوں کا ڈبہ (Wieght Box)

باٹوں کا ڈبہ لکڑی کا بنا ہوتا ہے جس میں مختلف سائز کے کھانچے بنے ہوتے ہیں ان کھانچوں میں اسے لے کر 1008 تک بانٹ رکھے جاتے ہیں۔جیسا کہ شکل 15.81 میں دکھایا گیا ہے۔یہ بانٹ پیتل کے بنے ہوتے ہیں جن پر نکل کی پرت چڑھی ہوتی ہے۔ہر ایک بات استوانی شکل کا ہوتا ہے اور اس کے ایک سرے پر ناب (گھنڈی) لگی ہوتی ہے۔بات کو چھٹی کی مدد سے اسی ناب کے ذریعے پکڑا جاتا ہے۔باتوں کے ڈبے میں بات مندرجہ ذیل ترتیب میں رکھے ہوتے ہیں:

100g, 50g, 20g, 20g

10g ,5g, 2g, 2g, 1g

کسری بات

کسری بات ایلیونیم یا پیتل کے بنے ہوتے ہیں اور ان کے اوپر کرومیم یا نکل کی پرت چڑھی ہوتی ہے۔ یہ بات 1mg سے لے کر 500mg تک ہوتے ہیں جیسا کہ شکل (15.86 میں دکھایا گیا ہے۔ 10mg سے کم کسری باٹوں کا استعمال نہیں کیا جاتا۔ ان باتوں کی جگہ رائڈر (Rider) کا استعمال کیا جاتا ہے۔



Fig. 13.8 : *(a) A weight box (b) Fractional weights*

ابتدائی معیار

کچھ اشیا کے معیاری محلولوں کو براہ راست تول کر بنایا جا سکتا ہے۔ یہ اشیا خالص شکل میں دستیاب رہتی ہیں اور ذخیرہ کرنے پر ان میں کیمیائی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔ انھیں ابتدائی معیار کہا جاتا ہے۔

ابتدائی معیار کی اہم خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

(i) یہ خالص اور خشک حالات میں آسانی سے دستیاب رہتے ہیں۔

(ii) یہ ہوا، آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائڈ کے ساتھ کیمیائی تعامل نہیں کرتیں۔

(iii) ان میں نمگیر (پانی جذب کر کے بھیجنے) ہونے اور قلماؤ کا پانی ضائع کر کے سفوف بن جانے کی خاصیت نہیں ہوتی۔

(iv) محلل (عام طور سے پانی) میں آسانی سے حل ہو جاتی ہیں۔

(v) عام طور سے ان کی سالماتی کمیت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ لہذا تولنے کے دوران غلطی سرزد ہونے کا امکان کم ہی رہتا ہے۔

(vi) ان اشیا کے معیاری محلول تجھی ٹائٹریٹنٹس کے ساتھ تناسب پیمائی تناسب میں تعامل کرتے ہیں۔

(vii) یہ معائزہ پذیر محلول میں موجود ملاوٹوں کے ساتھ تعامل نہیں کرتے۔

ابتدائی معیار اشیا کی مثالیں:

Oxalic acid $\begin{array}{l}\mathrm{COOH}\\ |\\ \mathrm{COOH}\end{array} \cdot 2H_2O$

Mohr's salt $[FeSO_4(NH_4)_2SO_4 \cdot 6H_2O]$

ثانوی معیار

بہت سی کیمیائی اشیا میں وہ خصوصیات نہیں ہوتیں جو ابتدائی معیار میں پائی جاتی ہیں (جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے) لہٰذا ان اشیا کا استعمال معیاری محلول بنانے میں نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم اس قسم کی اشیا کے محلول کو پہلے تخمینی یا تقریبی ارتکاز کا بنایا جاتا ہے اور پھر ابتدائی معیار والے محلول کے ساتھ اس کی ٹائٹریشن کر کے اسے معیاری بنایا جاتا ہے۔

ثانوی معیاری اشیا کی مثال

سوڈیم ہائڈروکسائڈ (NaOH)، پوٹاشیم پرمینگنیٹ (KMnO)

13.2.4 معلوم مولاریت والا آگزیلک ایسڈ اور امونیم سلفیٹ کا محلول تیار کرنا (تول کر)

فرض کیجیے آپ آگزیلک ایسڈ کا 100 100 محلول تیار کرنا چاہتے ہیں۔ سب سے پہلے آپ کو 100 محلول تیار کرنے کے لیے درکار آگزیلک ایسڈ کمیت کا حساب لگانا ہوگا۔

$\begin{array}{l}\mathrm{COOH}\\ |\\ \mathrm{COOH}\end{array} \cdot 2H_2O$ Molar mass = 126g

1M کا 1 lt محلول تیار کرنے کے لیے 1268 آگزیلک ایسڈ کی ضرورت ہوگی۔

0.1M 100mL محلول تیار کرنے کے لیے آپ کو 1.26g آگزیلک ایسڈ کو کشیدہ پانی میں گھول کر اسے (100mL بنانا ہے۔

اسی طرح فیرس امونیم سلفیٹ کا 0.1 محلول تیار کرنے کے لیے 3.92g فیرس امونیم سلفیٹ کو کشیدہ پانی میں گھول کر اسے 100mL بنانا ہے۔

(a) سوڈیم ہائڈروکسائڈ کے مقابل آگزیلک ایسڈ محلول کی ٹائٹریشن

اس تیزاب اساسی ٹائٹریشن میں آگزیلک ایسڈ مندرجہ ذیل تعامل کے مطابق اساس (NaOH) کے ذریعے مکمل طور پر تعدیل ہو جاتا ہے۔

$$\begin{array}{l}\mathrm{COOH}\\ |\\ \mathrm{COOH}\end{array} + 2NaOH \longrightarrow \begin{array}{l}\mathrm{COONa}\\ |\\ \mathrm{COONa}\end{array} + 2H_2O$$

اس تعامل کے مطابق مکمل تعدیل کے لیے سوڈیم ہائڈروکسائڈ کے دومول ایسڈ کے ایک مول کو تعدیل کرتے ہیں۔حتمی نقطہ کی نشاندہی فینالتھلین انڈیکیٹر کے ذریعے کی جاتی ہے۔یہ تیزابی میڈیم میں رنگین مگر اساسی میڈیم میں گلابی ہوتا ہے۔

تجربی تعلق کا استعمال کرکے آپ سوڈیم ہائڈروکسائڈ کا ارتکاز معلوم کرسکتے ہیں۔

$$a_1 M_1 V_1 = a_2 M_2 V_2$$

جہاں a_1=سوڈیم ہائڈروکسائڈ کی تیزابیت ہے = 1

M1= سوڈیم ہائڈروکسائڈ کی مولاریت ہے۔

V= استعمال ہونے والے سوڈیم ہائڈروکسائڈ کا حجم ہے(بیوریٹ ویڈنگ)

a2= آگزیلک ایسڈ کی اساسیت-2

M2= آگزیلک ایسڈ کی مولاریت-0.(پہلے ہی معلوم ہے)

V2= ٹائٹریشن کے لیے استعمال ہونے والے آگزیلک ایسڈ کا حجم

a_1،V_1،a_2،M_2،V_2 پہلے ہی معلوم ہیں لہذا مذکورہ بالا تعلق کی مدد سے آپ M کی تحسیب کرسکتے ہیں۔

$$M_1 = \frac{a_2 M_2 V_2}{a_1 V_1}$$

(b) پوٹاشیم پرمینگنیٹ محلول کے مقابل فیرس اومونیم سلفیٹ محلول کا ٹائٹریشن

پوٹاشیم پرمیکینیٹ قلوی اور تیزابی دونوں میڈیم میں ایک تکسیدی ایجنٹ ہے۔تکسید کے ساتھ ساتھ تعینہ تحویل کا عمل بھی واقع ہوتا ہے۔ اس ٹائٹریشن میں پرمینگنیٹ آئین (VII (Mn) فیری آئینوں کی فیرک آئینوں میں تکسید کردیتا ہے اوراسی وقت پرمینگنیٹ آئین کی مینگنیز (II)(Mn)(II) میں تحویل ہوجاتی ہے۔

مندرجہ ذیل تعامل واقع ہوتا ہے۔

$$MnO_4^- + 8H^+ + 5e^- \longrightarrow Mn^{2+} + 4H_2O$$

$$Fe^{2+} \longrightarrow Fe^{3+} + e^-] \times 5$$

مجموعی تعامل اس طرح ہے:

Oxidation

$$MnO_4^- + 5Fe^{2+} + 8H^+ \longrightarrow Mn^{2+} + 5Fe^{3+} + 4H_2O$$

Reduction

تناسب پیمائی تعلق کے مطابق تکسیدی ایجنٹ (پوٹاشیم پرمینگنیٹ) کا ایک مول تحویلی ایجنٹ (فیرس امونیم سلفیٹ) کے 5 مولوں کی تحویل کرتا ہے۔

پوٹاشیم پرمینگنیٹ خود ایک انڈیکیٹر ہے۔ گلابی رنگ ظاہر ہوگا جو حتمی نقطہ پر مستقل طور پر نظر آئے گا۔ ارتکاز معلوم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل تعلق کا استعمال کیا جائے گا۔

$$a_2 M_1 V_1 = a_1 M_2 V_2$$

یہاں a_1 اور a_2 بالترتیب تکسیدی عامل (Oxidant) اور تحویلی عامل (Reductant) کے تکسیدی عدد میں تبدیلی ہے۔ پرمینگنیٹ محلول کے لیے $M_1, a_1 = 5$ مولاریت اور V_4 حجم ہے۔ فیرس امونیم سلفیٹ کے لیے $a_2=1$ M_2 مولاریت اور V_1 حجم ہے۔

13.3 مطلوبہ اشیاء

(1) آلات	(2) کیمیائی اشیا
تجزیاتی ترازو، باٹ بکس، پیمائشی فلاسک، بیکر، شیشہ کی چھڑ مخروطی فلاسک، قیف، بیوریٹ اسٹینڈ، تارکی جالی، بیوریٹ اور پپیٹ	آگزیلک ایسڈ، سوڈیم ہائڈروکسائڈ، فیرس امونیم سلفیٹ (موہر سالٹ)، فینالتھلین، کشیدہ پانی، پوٹاشیم پرمینگنیٹ، سلفیورک ایسڈ (ڈائی لیوٹ)

13.4 تجربہ کو کس طرح انجام دینا ہے؟

آگزیلک ایسڈ اور فیرس امونیم سلفیٹ کا معیاری محلول تیار کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات پر عمل کیجیے۔ تجزیاتی ترازو کا استعمال کر کے شے کی مطلوبہ مقدار تولیے (سیکشن 15.2)۔ شے کا وزن تولنے والی بوتل میں کیجیے۔ تولی گئی شے کو معیاری فلاسک (100) میں منتقل کیجیے اور کشیدہ پانی کم سے کم مقدار میں گھولیے محلول کا حجم معیاری فلاسک کے اوپر والے نشان تک کر لیجیے۔ فلاسک کو اوپر نیچے کر کے محلول کو ہلائے۔ فیرس سلفیٹ محلول کے معاملے میں، محلول کو نشان تک تیار کرنے سے پہلے اس میں ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ (15mL) ملا لیجیے تاکہ ہائڈرولس نہ ہونے پائے۔

13.4.1 ایسڈ بیس ٹٹریشن

ایک صاف بیوریٹ لیجیے، اسے دیے ہوئے سوڈیم ہائڈرا کسائڈ محلول سے کھنگا لیے اور بیوریٹ اسٹینڈ میں عمودی طور پر کلمپ کر دیجیے۔ بیوریٹ کو سوڈیم ہائڈروکسائڈ محلول سے بھر لیجیے۔ خیال رہے کہ اسٹاپ کوک میں ہوا کا بلبلہ نہ رہے۔ ابتدائی ریڈنگ (V_1) نوٹ کیجیے۔ ایک صاف 20ml پپیٹ لے کر اسے M/10 آگزیلک ایسڈ محلول سے کھنگا لیے اور پھر اس کی مدد سے 20mL معیاری آگزیلک ایسڈ محلول کو ایک صاف مخروطی فلاسک میں منتقل کیجیے۔ اس میں فینالتھلین انڈیکیٹر کے چند قطرے ملا یئے۔ فلاسک کو بیوریٹ کی نوزل کے ٹھیک نیچے پکڑیے (جیسا کہ شکل 13.9 میں دکھایا گیا ہے) اور بائیں ہاتھ سے سوڈیم ہائڈروکسائڈ محلول کو مخروطی فلاسک میں بوند بوند کر کے ملائیے۔ مخروطی فلاسک کے مواد کو مسلسل طور پر گھماتے رہیے اور NaOH محلول کو بوند بوند کر کے اس وقت

تک ملاتے رہیے جب تک کہ گلابی رنگ نہ نظر آجائے۔ NaOH محلول کے نچلے ہلالی سطح کی ریڈنگ (V_2) نوٹ کیجیے۔ ٹائٹریشن کے عمل کو دہراتے ہوئے کم از کم تین موافق ریڈنگ لیجیے۔



Fig. 13.9 : *Carrying out a titration*

حتمی نقطہ: بے رنگ سے گلابی رنگ

13.4.2 فیرس امونیم سلفیٹ اور پوٹاشیم پرمینگانیٹ کی ٹائٹریشن

ایک صاف اور خشک بریٹ لیں اور دیئے گئے پوٹاشیم پرمینگانیٹ محلول سے دھولیں۔ برٹ کو اسٹینڈ پر فٹ کریں۔ پوٹاشیم پرمینگانیٹ محلول سے بھریں اور ہوا کے بلبلوں کو ہٹا دیں۔

مہر کے نمک کے محلول سے ایک صاف، خشک پائپٹ کو دھوئیں۔ اس کے بعد 20 ایم ایل موہر کے محلول کو نکالیں اور ایک صاف 250 ملی لیٹر مخروطی فلاسک میں منتقل کریں۔ تقریباً 20 ملی لیٹر پتلا سلفیورک ایسڈ شامل کریں۔ مخروطی فلاسک کو آہستہ آہستہ گھما کر اسے ٹائٹ کریں۔ (تصویر 13.9 ملاحظہ کریں) اختتامی مقام پر ایک مستقل گلابی رنگ ظاہر ہوتا ہے۔ کم از کم دو موافق ریڈنگ حاصل کرنے کے لئے ٹائٹریشن کو دہرائیں۔

13.5 احتیاط (Precautions)

(i) کیمیائی ترازو کو احتیاط کے ساتھ استعمال کیجیے۔

(ii) معیاری محلول بناتے وقت فلاسک میں کشیدہ پانی کو آہستہ آہستہ ملائیے۔

(iii) کیمیائی اشیا خالص ہونی چاہئیں (AR یا LR)

(iv) استعمال کیے جانے والے آلات صاف اور خشک ہونے چاہئیں۔

(v) انڈیکیٹر کی صرف 2 سے 3 بوندیں ہی استعمال کیجیے۔

(vi) تحسیات کے لیے کم از کم دو موافق ریڈنگ ضرور لیجیے۔

(vii) ٹائٹریشن کے دوران محلول کو گھماتے رہیے تا کہ تعامل ادھورا نہ رہے۔

13.6 مشاہدہ

(i) آگزیلک ایسڈ

تولنے والی خالی ٹیوب کی کمیت =

تولنے والی ٹیوب + شے کی کمیت =

شے کو جمی فلاسک میں منتقل کرنے کے بعد تولنے والی ٹیوب کی کمیت -

شے کی کمیت =

(ii) فیرس امونیم سلفیٹ

تولنے والی خالی ٹیوب کی کمیت =

تولنے والی ٹیوب شے کی کمیت -

شے کو تجھی فلاسک میں منتقل کرنے کے بعد تولنے والی ٹیوب کی کمیت =

شے کی کمیت =

TITRATION

(i آگزیلک ایسڈ بمقابلہ سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ

Burette Solution :سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ

اختتامی نقطہ :گلابی رنگ سے بے رنگ.

بریٹ ریڈنگ :

سلسلہ نمبر	ابتدائی ریڈنگ	حتمی ریڈنگ	استعمال شدہ این اے او ایچ کا حجم
1			
2			
3			
4			

ہر ایک ٹائٹریشن میں لیے گئے آگزیلک ایسڈ کا حجم V=20mL

آگزیلک ایسڈ کی مولاریت M_1=

استعمال شدہ NaOH کا حجم V_2=

سوڈیم ہائڈروکسائڈ کی مولاریت M_2=?

کیمیائی مساوات سے یہ صاف ہوجاتا ہے کہ NaOH کے دومول آگزیلک ایسڈ کے ایک مول سے تعامل کرتے ہیں۔

Acid		base
$a_2 M_1 V_1$	=	$a_1 M_2 V_2$
$a_2 = 1$		$a_1 = 2$

$$M_2 = \frac{a_2 M_1 V_1}{a_1 V_2}$$

نتیجہ

دیے ہوئے سوڈیم ہائڈروکسائڈ کی مولاریت.......................................مول فی لیٹر ہے۔

i) فیرس امونیم سلفیٹ بمقابلہ پوٹاشیم پرمانگنیٹ

Burette Solution :پوٹاشیم میگنیٹ

اختتامی نقطہ :گلابی رنگ سے بے رنگ.

بریٹ ریڈنگ :

سلسلہ نمبر	ابتدائی ریڈنگ	حتمی ریڈنگ	استعمال شدہ $KMnO_3$ کا حجم mL
1			
2			
3			

حجم اور مورالٹی کے درمیان رشتہ

$$a_2 \ M_1 \ V_2 = a_1 \ M_2 \ V_2$$

کہاں a_1 اور ایک a2 آکسیڈیشن حالت میں تبدیلیاں (آکسیڈیشن نمبر)، متعلقہ انواع کے ساتھ موہر کے نمک کے محلول کا حجم

V1=20 mL

(پائپٹ ریڈنگز)

معیاری مہر کے نمک کے محلول کی مولرم M_1 ہے =

MnO_4 میں Mn کی آکسیڈیشن حالت میں تبدیلی 2 a2 ہے = 5

$KMnO_4$ کا حجم استعمال کرتا ہے V=

$KMnO_4$ کی مولریٹی M_2 =؟

ایک کی جگہ لے کر a_1،a_2،M_2،V_1 اور V_2،M_2 حساب لگایا جاسکتا ہے.

دیئے گئے پوٹاشیم پرمینگانیٹ محلول کا ارتکاز   = ...مول $^{-1}$.1

13.7 نتیجہ

1) سوڈیم ہائیڈرو آکسائڈ اور پوٹاشیم پرمینگانیٹ کی طاقت کا تعین بالترتیب آکسیلک ایسڈ اور فیرس امونیم سلفیٹ حل کے ساتھ ٹائٹ کر کے کیا جاتا ہے۔ ان کے متعلقہ داڑھوں کو ____________________ اور ________________ کیا جاتا ہے۔

13.8 اپنی تفہیم کی جانچ کیجیے

1. بیوریٹ اور پیپٹ کو ٹائٹریشن میں استعمال ہونے والے متعلقہ محلولوں کو کھنگالنے کی ضرورت کیوں ہے؟

....

2. معیاری محلول تیار کرنے کے لیے خالص کیمیائی اشیا کا استعمال کیوں کرنا چاہیے؟

....

3. محلول کی سطح کی ریڈنگ لیتے وقت نچلی ہائی سطح کو ہی کیوں ملحوظ رکھا جاتا ہے؟

....

4. پیپٹ میں موجود محلول کے آخری قطرہ کو کس طرح باہر نکالا جاتا ہے؟

....

5. معیاری محلول تیار کرنے کے لیے ثانوی معیار کا استعمال کیوں نہیں کیا جاسکتا؟

....

13.9 استاد کے لیے نوٹ

(i) استاد کو چاہیے کہ وہ تجزیاتی ترازو کو استعمال کرنے کا طریقہ طلبا کو دکھائیں۔

(ii) استاد کے لیے اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ ٹائٹریشن میں استعمال کیے جانے والی کیمیائی اشیا خالص ہوں اور محلول کشیدہ پانی میں ہی تیار کیا جائے۔

(iii) ٹائٹریشن میں واقع ہونے والے تعامل کے بارے میں طلبا کو تفصیل سے بتایا جائے۔

13.10 اپنے جوابات کی جانچ کیجیے

جواب1. تحسیات میں غلطیوں سے بچنے کے لیے

جواب2. ملاوٹیں تعامل کرسکتی ہیں اور تعامل میں خلل پیدا کرسکتی ہیں۔وزن میں تبدیلی تحسیبات میں غلطی کا سبب بن سکتی ہے۔

جواب3. بیوریٹ میں محلول کی سطح ہمیشہ ہی معنی انداز میں ہوتی ہے لہٰذا اگر ہم اوپری ہلائی سطح کو نوٹ کریں گے تو محلول کے حجم میں کمی آجائے گی۔

جواب4 تمام محلول کو باہر نکالنے کے بعد پیپٹ کے کنارے کو مخروطی فلاسک کی دیوارے چھوکر۔

جواب5: (a) ثانوی معیار خالص اور خشک حالتوں میں دستیاب نہیں ہوتے۔

(b) یہ محلل کے ساتھ تعامل کرسکتے ہیں۔

(c) ان کا ہائڈریشن ہوسکتا ہے اور عمل کے دوران خود اپنے وزن کو تبدیل کرسکتے ہیں۔

(d) یہ ہوا یا آکسیجن یا کاربن ڈائی آکسائڈ سے تعامل کرسکتے ہیں۔

تجربہ –14

مندرجہ ذیل این آئین اور کیٹ آئین میں سے ایک این آئین اور ایک کیٹ آئین کی شناخت کرنے سے متعلق نمک کا کیفیتی تجزیہ

این آئین:(Anions) CO_3^{2-} , S^{2-} , NO_2^- , Cl^- , Br^- , I^- , NO_3^- , SO_4^{2-} , PO_4^{3-}

کیٹ آئین(Cations) NH^{4+}, Pb^{2+}, Cu^{2+}, Fe^{3+}, Ni^{2+}, Zn^{2+}, Mn^{2+}, Ca^{2+}

14.1 مقاصد

اس تجربہ کو انجام دینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ☆ کیفیتی تجزیہ کے مفہوم کی وضاحت کر سکیں؟
- ☆ کیمسٹری تجربہ گاہ میں کیمیائی اشیا اور ریجنٹ بوتلوں کو صحیح طریقے سے استعمال کر سکیں؟
- ☆ تجربات سے متعلق سادہ عملوں کو انجام دے سکیں مثلاً گرم کرنا، خراج ہونے والی گیس کی جانچ کرنا تقطیر اور تلچھٹ کی داشنگ وغیرہ۔
- ☆ تعاملی آمیزہ میں رنگ کے ظاہر ہونے غائب ہونے، رسوب کے بننے، گدلا پن وغیرہ کا مشاہدہ کر سکیں؛
- ☆ خشک جانچ (testDry) کے ذریعے نمک میں موجود این آئین اور کیٹ آین کی موجودگی سے متعلق بنیادی فہم حاصل کر سکیں؛
- ☆ این آئینوں اور کیٹ آئینوں کی ابتدائی اور توثیقی جانچ کا کام انجام دے سکیں اور دیے ہوئے نمک کا تجزیہ کر سکیں۔

16.1 مطلوبہ اشیا(RequiredMaterials)

(1) آلات

ٹیسٹ ٹیوب، ٹیسٹ ٹیوب ہولڈر، بانڈ روجن سلفائڈ گیس محلول، قیف، شیشہ کی چھڑ

(2) کیمیائی اشیا

ہائیڈروجن سلفائڈ گیس

محلول

چونے کا پانی	سلور نائٹریٹ $AgNO_3$ (aq)	ایڈا ایسٹیٹ (آبی)
اسٹارچ محلول	سوڈیم نائٹرو پرسائیڈ(aq)	پوٹاشیم آیوڈائڈ(aq)
امونیم ہائیڈرو آکسائیڈ	بیریم کلورائیڈ(aq)	پوٹاشیم کرومیٹ(aq)
پوٹاشیم سلفو سائنائڈ	پوٹاشیم فیروسائنائڈ(aq)	امونیم مالیدین(aq)
ایسٹیک اسیڈ (ڈیلوٹ)	نیسلر ریجنٹ	نیلا لٹمس محلول
سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ	نائٹرک ایسنڈ	سلفرک ایسڈ
(ڈائی لیوٹ اور مرتکز)	(ڈائی کیوٹ اور مرتکز)	(ڈائی کیوٹ اور مرتکز)
ہائیڈروکلورک ایسڈ	ڈائی میتھائل گلائی آکسیم تقول	
(ڈائی لیوٹ اور مرتکز)		

ٹھوس کیمیائی اشیاء

امونیم کلورائیڈ	امونیم کاربونیٹ	امونیم مولبڈیٹ
پوٹاشیم ڈائکرومیٹ	فیرس سلفیٹ	

14.2 آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیے

نامعلوم نمک کے کیفیتی تجزیہ میں اجزائے ترکیبی آئینوں کا سراغ اور ان کی شناخت شامل ہے۔ غیر نامیاتی نمک پانی میں حل ہو کر مکمل طور پر منفی اور مثبت چارج والے آئینوں میں تحلیل ہو جاتے ہیں۔ مثبت چارج والا آین کیٹ آین یا بیک ریڈیکل کہلاتا ہے جبکہ منفی چارج والا آین این آئین یا ایسڈ ریڈیکل کہلاتا ہے۔ آئینوں کی شناخت کے لیے متعدد ٹیسٹ کیے جاتے ہیں۔

کیفیت تجزیہ کے لیے دو قسم کے ٹیسٹ سرانجام دیے جاتے ہیں:

(1) خشک جانچ اور (ii) مرطوب جانچ (testWet)

خشک جانچ کا کام ٹھوس غیر نامیاتی اشیا کے ساتھ انجام دیا جاتا ہے۔ یہ ٹیسٹ، مرطوب ٹیسٹ سے پہلے ہی انجام دیے جانے چاہئیں۔

1۔ خشک ٹیسٹ کے دوران ہم مندرجہ ذیل باتیں نوٹ کرتے ہیں:

(i) نمک کی طبعی جانچ مثلاً رنگ، بو اور کثافت کچھ تیزابی اور اساسی ریڈیکل کے حوالے سے اہم سراغ فراہم کرتے ہیں۔

(ii) خشک نمک پر حرارت کا اثر

II مرطوب ٹیسٹ محلول کے اندر انجام دیے جاتے ہیں۔ مرطوب ٹیسٹ میں ہم مندرجہ ذیل چیزیں نوٹ کرتے ہیں:

(1) خارج ہونے والی گیس کا رنگ اور بو

(ii) محلول کے رنگ کی تشکیل یا اس کا غائب ہونا اور

(iii) رسوب کی تشکیل یا اس کا غائب ہو جانا

کوئی بھی ٹیسٹ منفی یا مثبت ہو سکتا ہے۔ مثبت ٹیسٹ وہ ہے جو تھیوری میں دیے ہوئے نتائج کو ظاہر کرتا ہے اور منفی ٹیسٹ وہ ٹیسٹ ہے جس کے نتائج تصویری میں بتائے گئے نتائج سے میل نہیں کھاتے۔

مثال کے طور پر، کاربونیٹ آئین کی جانچ کے لیے آپ شے میں ڈائی لیون سلفیور کا لیسڈ ملاتے ہیں۔ خارج ہونے والی بے رنگ گیس کو جب چونے کے پانی سے گزارا جاتا ہے تو چونے کا پانی دودھیہ ہو جاتا ہے (مثبت ٹیسٹ)۔ اگر چونے کا پانی دودھیہ نہیں ہوتا ہے تو یہ منفی ٹیسٹ ہے۔

نمک میں این آئین اور کیٹ آئین کا سراغ لگانے کے لیے مخصوص کیمیائی اشیا کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کیمیائی اشیا کو ریجنٹ (Reagent) کہتے ہیں۔ جب ریجنٹ نمکوں سے تعامل کرتے ہیں تو نئے مرکبات کی تشکیل ہوتی ہے جن میں قابل مشاہدہ خصوصیات موجود ہوتی ہیں مثلاً رنگ، بو اور رسوب کا بنا۔ منتظم تجزیہ انجام دینے سے پہلے کچھ اہم لیباریٹری تکنیکوں کی معلومات ضروری ہے۔

14.2.1 لیبارٹری تکنیکیں (Laboratory Techniques)

نمک میں این آئین اور کیٹ آئین کی شناخت کے لیے کچھ تکنیکیں استعمال کی جاتی ہیں۔یہ تکنیکیں مندرجہ ذیل ہیں:

1 نمک یا محلول کو ٹیسٹ ٹیوب میں گرم کرنا

(i) ٹیسٹ ٹیوب میں نمک یا محلول کو گرم کرتے وقت ٹیسٹ ٹیوب کو اس طرح پکڑنا چاہیے کہ ٹیسٹ ٹیوب کا منھ آپ یا آپ کے نزدیک کھڑے ہوئے دوسرے شخص سے دور ہو۔

(ii) ٹیسٹ ٹیوب کے ایک پہلو کو لو کے سب سے باہر والے خطہ میں آہستہ آہستہ گرم کیجیے۔گرم کرنے کے دوران ٹیسٹ ٹیوب کو وقتاً فوقتاً ہلاتے رہیے تاکہ یہ پھٹنے نہ پائے۔

(iii) ٹیسٹ ٹیوب میں ہمیشہ رقیق کی بالائی پرت کو گرم کیجیے تاکہ یہ فوراً ابلنے لگے۔کبھی بھی ٹیسٹ ٹیوب کے پیندے کو لو پر مت رکھیے نہیں تو بمپنگ شروع ہو جائے گی۔

(iv) زیادہ دیر تک گرم کرنے کے لیے ٹیسٹ ٹیوب ہولڈر کا استعمال کیجیے۔اگر ٹیسٹ ٹیوب کا حجم آدھے سے کم ہے اور آپ مواد کو معمولی سا گرم کرنا چاہتے ہیں تو اسے اپنے انگوٹھے اور انگلیوں کے درمیان پکڑ لیے۔

2۔ ریجنٹ بوتل کا استعمال

الماری سے مطلوبہ ریجنٹ بوتل اٹھائیے۔اس کے اسٹاپر ہٹائیے اور اسے اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ یے۔ٹیسٹ ٹیوب کو بائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور انگلیوں کے درمیان پکڑ یے۔اب ٹیسٹ ٹیوب کی دیوار کے سہارے ریجنٹ کی مطلوبہ مقدار کو ملائیے۔بوتل کو واپس الماری میں رکھیے اور فوراً اس پر اسٹاپر لگا دیجیے۔اسٹاپر کو کبھی بھی میز پر مت رکھیے۔

3۔ خارج ہونے والی گیس کی جانچ

نمک میں ریجنٹ ملانے پر اگر ٹھنڈے محلول میں یا اسے گرم کرنے پر بلبلے نکلنے لگتے ہیں تو یہ گیس خارج ہونے کی علامت ہے۔

(i) خارج ہونے والی گیس کا رنگ نوٹ کیجیے۔

(ii) خارج ہونے والی گیس کی بو سونگھیے کبھی بھی اپنی ناک کو براہ راست گیس کے تماس میں مت لائے۔

(iii) فلٹر پیپر کی پٹی یا ٹیسٹنگ ریجنٹ میں ڈوبی ہوئی شیشہ کی چھڑ کے سرے کو ٹیسٹ ٹیوب کے منھ کے نزدیک لا کر۔

(iv) خارج ہونے والی گیس کو ریجنٹ پر مشتمل ٹیسٹ ٹیوب میں کچھ سیکنڈ تک گزار کر۔

4۔ ترسیب (Precipitation) زیر جانچ محلول میں ریجنٹ ملانے یا کوئی گیس گزارنے پر بننے والا غیر حل پذیر مرکب رسوب کہلاتا ہے اور یہ عمل ترسیب کہلاتا ہے۔جیسے ہی شفاف محلول گدلا ہونے لگے تو یہ رسوب بننے کی علامت ہے۔

کچھ معاملوں میں رسوب ترکیبی ایجنٹ کی زیادتی کی وجہ سے حل ہو سکتا ہے،اس صورت میں دو مشاہدات کیے جانے چاہئیں۔

ایک مشاہدہ ترسیبی ریجنٹ کو بوند بوند کر کے ملانے پر اور دوسرا ترسیبی ریجنٹ کو زیادہ مقدار میں ملانے پر کیا جائے۔

5۔ تقطیر (Filtration): اس طریقے کے ذریعے کسی غیر حل پذیر مرکب کو تعاملی آمیزہ سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ تقطیر کا عمل انجام دینے کے لیے سب سے پہلے فلٹر پیپر کو مخروطی شکل میں موڑا جاتا ہے۔ پھر اسے اس طرح کھولا جاتا ہے کہ کاغذ کی تین پر تیں ایک جانب اور چوتھی پرت دوسری جانب ہو۔ اس طرح سے فلٹر پیپر کا ایک کھوکھلا مخروط حاصل ہوگا۔ اب اس مخروط کو قیف میں رکھ کر پانی سے بھگوتے ہیں تا کہ یہ قیف میں صحیح طریقے سے بیٹھ جائے۔ رقیق آمیزہ کو ایک شیشہ کی چھڑ کے سہارے قیف میں لگے مخروط میں انڈیلیے۔ فلٹر پیپر مخروط کو کبھی بھی دوتہائی سے زیادہ مت بھریے۔ خیال رہے کہ فلٹر پیپر اور قیف کے درمیان بالکل بھی جگہ باقی نہ رہے۔ اس سے تقطیر کی شرح کم ہوجاتی ہے۔ رقیق فلٹر پیپر کے سوراخوں سے گزرتا ہوا قیف کے نیچے رکھے ہو سکے برتن میں جمع ہوتا رہتا ہے۔ اس شفاف رقیق کو مقطر کہتے ہیں۔ غیر حل پذیر مرکب یا رسوب جو فلٹر پیپر کے اوپر رہ جاتا ہے تلچھٹ (Residue) کہلاتا ہے۔

6- رسوب کو دھونا اور جمع کرنا: رسوب کے ساتھ کسی بھی ٹیسٹ کو انجام دینے سے پہلے اس واش کرنا (دھونا) بہت ضروری ہے۔ دھونے کا کام اس طرح کیا جاتا ہے کہ جب رسوب قیف کے اندر ہو تو اس کے اوپر کشیدہ پانی ڈالتے ہیں۔ دھلائی کے بعد فلٹر پیپر کو احتیاط کے ساتھ قیف سے الگ کیجیے اور کھول کر خشک فلٹر پیپر پر پھیلا دیجیے۔ املی کی مدد سے رسوب کو احتیاط کے ساتھ واچ گلاس میں منتقل کر دیجیے۔ ٹیمیٹ انجام دینے کے لیے ہر مرتبہ رسوب کی تھوڑی سی مقدار کا استعمال کیجیے۔

7۔ **خشک جانچ (Dry test):** ایسے بہت سے ٹیسٹ ہیں جنھیں پاؤڈر نمک کا استعمال کر کے انجام دیا جاتا ہے۔ ان ٹیسٹ کی بنیاد پر حاصل ہونے والی معلومات عام طور سے مخصوص ریڈیکل کی موجودگی یا عدم موجودگی کا سراغ فراہم کرتی ہے۔ اس معلومات کی بنیاد پر ویٹ ٹیسٹ کو مختصر کیا جاسکتا ہے یا اس میں اصلاح کی جاسکتی ہے۔ چند اہم ڈرائی نیٹ ذیل میں دیے گئے ہیں۔

(i) طبیعی جانچ نمک کے رنگ، بو اور کثافت کا معائنہ کیجیے۔

نمبر شمار	مشاہدہ	نتائج
.1	ٹھوس شے کا رنگ	
	(i) نیلا	کاپر سالٹ موجود ہوسکتا ہے
	(ii) سبز (ہلکا یا گہرا)	کاپر نکل اور فیری سالٹ موجود ہوسکتا ہے
	(m) زرد	فیرک سالٹ موجود ہوسکتا ہے
	(iv) گلابی	مینگنیز نمک موجود ہوسکتا ہے
	(v) بف	مینگنیز نمک موجود ہوسکتا ہے
	(vi) سفید	باقی ماندہ کیٹ آئین پر مشتمل سالٹ موجود ہوسکتے ہیں $(Ca^{2+}, NH_4^+, Pb^{2+}, Zn^{2+}$

.2	بو: کفچی کی مدد سے ایک چٹکی نمک واچ گلاس میں رگڑیے۔ امونیا کی بو سڑے ہوئے انڈے جیسی ہو	امونیم نمک موجود ہوسکتا ہے سلفائڈ نمک موجود ہوسکتا ہے
.3	کثافت نمک ہلکا ہے	زنک اور کیلشیم کے کاربونیٹ موجود ہو سکتے ہیں۔

(ii) **خشک گرم جانچ :** نمک (سالٹ) کو صاف اور خشک ٹیسٹ ٹیوب میں پہلے دھیمی آنچ پر اور پھر تیزی سے گرم کیا جاتا ہے۔

نمبر شمار	مشاہدہ	نتائج
.1	ٹھوس شے پگھل جاتی ہے اور دوبارہ سے ٹھوس شکل اختیار کر لیتی ہے۔	کیلشیم سالٹ موجود ہوسکتا ہے۔
.2	ٹھوس شے پھول جاتی ہے	فاسفیٹ موجود ہوسکتا ہے۔
.3	ٹھوس شے سے چرچراہٹ کی آواز آتی ہے	لیڈ نائٹریٹ موجود ہوسکتا ہے۔
.4	ٹھوس شے کی تصعید ہو جاتی ہے اور سفید اجزات بنتے ہیں۔	امونیم کلورائڈ کی موجودگی کا امکان ہے۔

14.2.2 احتیاط (Precautions)

(i) اس نیٹ/جانچ کو انجام دینے کے لیے مکمل طور پر خشک ٹیسٹ ٹیوب کا استعمال کیجیے۔

(ii) ٹیسٹ ٹیوب کے منھ کو اپنے آپ سے اور اپنے نزدیک کھڑے دوسرے طالب علم سے دور رکھیے۔

(iii) گرم کرنے کے دوران، ٹیسٹ ٹیوب کو ایک ہی جگہ سے گرم مت کیجیے بلکہ اسے گھماتے رہیے نہیں تو ٹیوب چٹخ سکتی ہے۔

(iv) خارج ہونے والی گیس کو سونگھنے کے لیے کبھی بھی اپنی ناک کو براہ راست ٹیسٹ ٹیوب کے منھ پر مت رکھیے۔ گیس کو ہمیشہ اپنے ہاتھوں کے پف کے ذریعے سونگھیے۔

14.3 این آئینوں کا سراغ اور ان کی شناخت

این آئینوں کی فہرست: CO_3^{2-}، SO_3^{2-}، S^{2-}، NO^{2-}، Cl^-، Br^-، I^-، NO_3^-، SO_4^{2-}، PO_4^{3-}، $C_2O_4^{2-}$، CH_3COO^-

14.3.1 ابتدائی جانچ (Preliminary Test)

این آئینوں کی سراغ رسانی کا طریقہ اتنا منظم نہیں ہے جتنا کہ اساسی ریڈیکل کا ہے۔ تیزابی ریڈیکل (این آین) کو کیٹ آئینوں (اساسی ریڈیکل) کی طرح میز گروپوں میں شامل کرنا ممکن نہیں ہے۔

(A) ایسڈ کے ساتھ تعامل کرانے پر پیدا ہونے والے طیران پذیر ماحصلات کی شناخت پر مبنی:

(i) ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ کا اثر

(ii) مرتکز سلفیورک ایسڈ کا اثر

(B) محلول میں تعامل پر مبنی

محلول میں توشیقی جانچ کا کام انجام دینے کے لیے آبی محلول یا نمک کا سوڈیم کاربونیٹ مقطر تیار کرنا ضروری ہے۔

(i) این آین تجزیہ کے لیے آبی محلول تیار کرنا: ایک ٹیسٹ ٹیوب میں ایک چٹکی دیا ہوا نمک لیجیے۔ اس میں 3-2 پانی ملا کر اچھی طرح ہلائیے۔

(ii) سوڈیم کاربونیٹ مقطر (ایکسریکٹ تیار کرنا اگر نمک پانی میں غیر حل پذیر ہے تو سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ تیار کرنا ضروری ہے۔

اسے مندرجہ ذیل طریقے سے تیار کیا جا سکتا ہے:

نمک کو تقریباً اس کے دو گنے وزن کے ساتھ سوڈیم کاربونیٹ ملائیے۔ ڈش میں مناسب مقدار میں پانی ملائیے، ابالیے اور چھان لیجیے۔ مقطر کو سوڈیم ایکسٹریکٹ کہتے ہیں۔

سوڈیم کاربونیٹ کو کس طرح استعمال کرنا ہے: سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ میں ہمیشہ ہی غیر تعامل شرح سوڈیم کاربونیٹ کی اضافی مقدار موجود ہوتی ہے جو ایسڈ ریڈیکل کے ٹیسٹ میں خلل پیدا کر سکتا ہے۔ لہٰذا سوڈیم کاربونیٹ کی اضافی مقدار کو ختم کرنا بہت ضروری ہے۔ ایسا کرنے کے لیے سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ کو کسی مناسب تیزاب (جس ایسڈ ریڈیکل جانچ کی جاتی ہے اس کی نوعیت کے اعتبار سے) کے ذریعے تیزابی بنا لیا جاتا ہے۔

(A) تیزابوں کا اثر

(I) **ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ کے ساتھ ٹیسٹ:** سالٹ (نمک) کا ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ کے ساتھ تعامل کے ذریعے جن این آئینوں کا سراغ لگایا جاتا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں:

CO_3^{2-}، S^{2-} اور NO_2^-

سالٹ میں H_2SO_4 ملانے پر گیس خارج ہوتی ہے۔ مشاہدات اور تشریح کے لیے مندرجہ ذیل جدول ملاحظہ کیجیے۔

این آئن	مشاہدہ	تشریح	نتائج
CO_3^{2-}	تیز بدبداہٹ ایک بے رنگ اور بغیر بو والی گیس خارج ہوتی ہے	$MCO_3 + H_2SO_4$ $\rightarrow M SO_4 + H_2O + CO_2$ کاربن ڈائی آکسائڈ (بے رنگ)	CO_3^{2-}
S^{2-}	بے رنگ گیس جس میں سے سڑے انڈے جیسی بو آتی ہے۔	$MS + H_2SO_4$ $\rightarrow M SO_4 + H_2S$ ہائڈروجن سلفائڈ (بے رنگ)	S2- موجود ہوسکتا ہے
NO_2^-	بھورے رنگ کی گیس خارج	$2 M NO_2 + H_2SO_4$ $\rightarrow M_2SO_4 + 2HNO_2$ نائٹرس ایسڈ (بے رنگ) $3MNO_2 \rightarrow H_2O + HNO_3 + NO$ $NO + O_2 \rightarrow 2NO_2$ نائٹروجن ڈائی آکسائڈ (لال بھورا رنگ)	NO2 موجود ہوسکتا ہوتی ہے

ٹیسٹ ٹیوب کے مواد کو ابالنا نہیں چاہیے۔ بہت زیادہ گرم کرنے کی وجہ سے H_2SO_4 تحلیل ہونے لگتا ہے اور سلفر ڈائی آکسائڈ پیدا ہوتی ہے۔

(II) Confirmatory tests of CO_3^{2-}, S^{2-} اور NO^{2-} آئن

(1) کاربونیٹ آئن CO_3^{2-} چونے کے پانی میں گیس گزرانے پر یہ کیلشیم کاربونیٹ بننے کی وجہ سے دودھیہ ہوجاتا ہے۔

$$Ca(OH)_2 + CO_2 \rightarrow CaCO_3 \downarrow + H_2O$$

Calcium carbonate

CO2+ کو زیادہ مقدار میں ملانے پر دودھیہ پن ختم ہوجاتا ہے اور شفاف محلول حاصل ہوتا ہے۔

$$CaCO_3 + CO_2 + H_2O \rightarrow Ca(HCO_3)_2$$

(2) سلفائڈ آئن S^2

(a) لیڈ ایسیٹیٹ میں بھیگے ہوئے فلرٹ پیپر کو جب لیس کے تماس میں لایا جاتا ہے تو یہ سیاہ ہوجاتا ہے۔

$$Ph(CH_3COO)_2 + H_2S \rightarrow 2CH_3COOH + PbS \downarrow$$

Black lead Sulphide

(b) **سوڈیم نائٹروپرسائڈ ٹیسٹ**:سوڈیم نائٹروپروسائڈ کے تازہ تیار کیے گئے محلول کو نمک محلول میں ملانے پر بنفشی رنگ حاصل ہوتا ہے۔

$$Na_2S + Na_2[Fe(NO)(CN)_5] \rightarrow Na_2Na_2[Fe(CN)_5NOS]$$

Sodium Nitroprusside Violet colouration

(3) **نائٹرائٹ آین NO_2^-**: KI اور اسٹارچ محلول کے آمیزہ میں بھیگا ہوا فلٹر پیپر گیس کے تماس میں لاتے ہیں تو یہ نیلے یا بنفشی رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

$$2NO_2 + 2KI \rightarrow 2KNO_2 + I_2$$

I_2 + اسٹارچ ← اسٹارچ آیوڈائڈ کا میاپلیکس

(گہرا نیلا یا بنفشی رنگ)

(III) مرتکز سلفیورک ایسڈ کے ساتھ ٹیسٹ:اس ٹیسٹ کو ڈائی لیوٹ H_2SO_4 کے ساتھ ٹیسٹ انجام دینے کے بعد انجام دیا جاتا ہے۔وہ این آئین جو ڈائی لیوٹ H_2SO_4 کے ساتھ مثبت ٹیسٹ دیتے ہیں،مرتکز H_2SO_4 کے ساتھ بھی تعامل کریں گے۔نمک میں H_2SO_4 ملانے پر اگر کوئی گیس خارج ہوتی ہے تو مندرجہ ذیل جدول کی مدد سے نتائج اخذ کیجیے۔

آین	مشاہدہ	تشریح	نتائج
Cl^-	تیکھی بو والی بیرنگ گیس خارج ہوتی ہے۔	$MCl + H_2SO_4 \rightarrow MHSO_4 + HCl$ ہائڈروجن کلورائڈ (بے رنگ گیس)	Cl^- موجود ہو سکتی ہے۔
Br^-	تیکھی بو والی بھورے رنگ کی گیس خارج ہوتی ہے۔ ٹیسٹ محلول کا مواد لال بھورا ہو جاتا ہے۔	$MBr\ H_2SO_4 \rightarrow MHSO_4 + HBr$ $2HBr + H_2SO_4 \rightarrow H_2O + SO_4 + Br_2$	Br^- موجود ہو سکتی ہے۔
I^-	تیکھی بو والی بنفشی دھواں خارج ہوتا ہے۔ ٹیسٹ ٹیوب کی دیواروں پر سیاہ دھبے نظر آتے ہیں۔	$MI + H_2SO_4 \rightarrow MHSO_4 + HI$ $HI + 2H_2SO_4 \rightarrow 2H_2O + SO_2 + I_2$ (آیوڈین (بنفشی	I^- موجود ہو سکتی ہے۔

NO_3^-	تیکھی بو والی بھورے رنگ کی گیس خارج ہوتی ہے۔ تانبہ کی چھیلین ملانے پر گیس شدت اختیار کرلیتی ہے۔	$2MNO_3 + H_2SO_4 \rightarrow M_2SO_4 + 2HNO_3$ $4HNO_3 \rightarrow 2H_2O + O_2 + 4NO_2$ $3Cu + 8HNO_3 \rightarrow 2Cu(NO_3)_2 + 2NO + 4H_2O$ $2NO + O_2 \rightarrow 2NO_2$	NO_3^- موجود ہو سکتی ہے۔

احتیاط

1. ٹیسٹ ٹیوب کے موادکو ابالنا نہیں چاہیے۔
2. ٹیسٹ کا کام مکمل ہو جانے کے بعد ٹیسٹ ٹیوب کے مواد کو فوراً ہی سنگ میں مت پھینکیے۔ مرتکز HSO کا پانی کے ساتھ تعامل بہت زیادہ حرارت زا ہوتا ہے اور اس کے نتیجے میں بہت زیادہ حرارت پیدا ہوتی ہے۔
3. ٹیسٹ کے دوران خارج ہونے والی گیس کو سانس کے ذریعے اندر مت کھینچے کیونکہ یہ پتا کی نوعیت کی ہوتی ہے۔
4. مرتکز H_2SO_4 کا استعمال بہت احتیاط کے ساتھ کرنا چاہیے۔

(IV) Cl^-, Br^-, I^- اور NO_2^- کی توثیقی جانچ

(a) کلورائڈ آین (Cl^-)

(i) **سلور نائٹریٹ ٹیسٹ:** آبی محلول میں سلور نائٹریٹ ملانے پر (سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ استعمال کرنے کی صورت میں $AgNO_3$ ملانے سے پہلے HNO_3 کے ساتھ تیزابی بنایا جاتا ہے) وہی جیسا سفید رسوب حاصل ہوتا ہے جو مرتکز HNO_3 میں غیر حل پذیر ہے۔

$$Ag^+ + Cl^- \longrightarrow AgCl\downarrow$$

دہی جیسا سفید رسوب امونیم ہائڈروکسائڈ میں حل پذیر ہے۔

$$AgCl + 2NH_4OH \longrightarrow [Ag(NH_3)_2]^+ + 2H_2O$$

ڈائی امین سلور کلورائڈ (بے رنگ)

(ii) کرومل کلورائڈ ٹیسٹ:

خشک ٹیسٹ ٹیوب میں نمک اور ٹھوس $K_2Cr_2O_7$ کے آمیزہ کو مرتکز H_2SO_4 کے ساتھ گرم کرنے پر کرومل کلورائڈ کا سفید دھواں حاصل ہوتا ہے۔

$$2MCl_2 + K_2Cr_2O_7 + 3H_2SO_4 \rightarrow 2MSO_4 + K_2SO_4 + 2CrO_2Cl_2 + 2H_2O$$

Chromyl chloride (orangish red)

کرول کلورائڈ کا دھواں ڈائی لیوٹ INO کو زرد بنا دیتا ہے۔

$$CrO_2Cl_2 + NaOH \rightarrow Na_2CrO_4 + 2HCl$$

Sodium Chromate (yellow)

زرد محلول کو CH_3COOH کے ساتھ تیزابی بنا کر جب اس میں لیڈ ایسیٹ ملاتے ہیں تو لیڈ کرومیٹ $(PbCro_4)$ کا زرد محلول حاصل ہوتا ہے۔

$$Na_2CrO_4 + Pb(CH_3COO)_2 \rightarrow PbCrO_4\downarrow + 2CH_3COONa$$

lead chromate (yellow precipitate)

(b) برومائڈ این Br

(i) سلور نائٹریٹ ٹیسٹ: آبی محلول میں سلور نائٹریٹ ملانے پر (سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ کو ڈائی لیوٹ HNO_3 کے ساتھ تیزابی بنانے کے بعد ہلکا زرد رسوب حاصل ہوتا ہے۔ رسوب امونیم ہائڈروکسائڈ میں جزوی طور پر حل پذیر ہے۔

$$Ag^- + Br^- \rightarrow AgBr\downarrow$$

Silver bromide (light yellow)

$$AgBr + 2NH_4OH \rightarrow [Ag(NH_3)_2]\,Br + 2H_2O \text{ in } CCl_4$$

(ii) نامیاتی پرت جانچ: برومائڈ پر مشتمل آبی محلول میں کلورین واٹر ملانے پر آزاد برومین پیدا ہوتی ہے جو ٹیسٹ محلول کو نارنجی لال رنگ موطا کرتی ہے۔ کاربن ٹیٹرا کلورائڈ (CCl_4) کے ساتھ ہلانے پر (CCl_4) پرت میں لال بھورا رنگ نظر آتا ہے۔ CCl_4 کی نامیاتی پرت بے رنگ آبی پرت کے نیچے حاصل ہوتی ہے۔

$$2NaBr + Cl_2 \rightarrow 2NaCl + Br_2$$

Bromine, reddish brown in CCl_4

(C) آیوڈین این 1^-

(i) سلور نائٹریٹ ٹیسٹ: آبی محلول کو ڈائی لیوٹ HNO_3 کے ساتھ تیزابی بنا کر جب اس میں AgNO3 محلول ملایا جاتا ہے تو زرد رسوب حاصل ہوتا ہے جو NH_4OH میں غیر حل پذیر ہے۔۔

$$Ag^+ + I^- \rightarrow AgI$$

Silver iodide, yellow precipitate

(ii) نامیاتی پرت جانچ: ٹیسٹ محلول میں کلورین واٹر ملانے پر آزاد آیوڈین حاصل ہوتی ہے جو محلول کو بنفشی رنگ عطا کرتی ہے۔ کاربن ٹیٹرا کلورائڈ کے ساتھ ہلانے پر نامیاتی پرت کا رنگ بنفشی ہو جاتا ہے۔

$$2NaI + Cl_2 \rightarrow 2NaCl + I_2$$

Iodine (Violet Colour in CCl4)

(d) نائٹریٹ آئین (NO_3^-)

رنگ ٹیسٹ: نمک کے آبی محلول یا اس کے سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ (ڈائی لیون: HNO کے ذریعے تیزابی بنا کر) اور تازہ تیار کیے گئے فیری سلفیٹ محلول میں مرتکز ISO کو ٹمیٹ ٹیوب کی دیواروں کے سہارے جب آہستہ آہستہ ملایا جاتا ہے تو دونوں پرتوں کے جنکشن پر بھورے رنگ کا چھلا/حلقہ نظر آتا ہے۔

$$M(NO_3)_2 + H_2SO_4 \rightarrow MSO_4 + 2HNO_3$$

$$6FeSO_4 + 2HNO_3 + 3H_2SO_4 \rightarrow 3Fe_2(SO_4)_3 + 4H_2O + 2NO$$

$$X\,FeSO_2 + Y\,NO \rightarrow (FeSO_4)_x\,(NO)_Y$$

Nitrosoferrous sulphate,(brownring)

$$Fe^{2+} + 5H_2O + NO \rightarrow [Fe(H_2O)_5 + NO]^{2+}$$

(B) انفرادی ٹیسٹ (Individual Tests)

(a) سلفیت این SO_4^{2-}: تیزائی ڈائی لیوٹ ($BaCl_2$) نمک محلول یا اس کے ڈائی لیوٹ (HCl) نمک محلول یا اس کے سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ میں $BaCl_2$ محلول ملانے پر سفید رسوب حاصل ہوتا ہے جو مرتکز HCl یا HNO_3 میں غیر حل پذیر ہے۔

$$Ba^{2+} + SO4^{2-} \rightarrow BaSO4$$

Barium chloride white precipitate

(b) فاسفیٹ آین (PO_4^{3-}): نمک یا اس کے آبی محلول یا اس کے سوڈیم کاربونیٹ ایکسٹریکٹ کو مرتکز HNO_3 کے ساتھ اس وقت تک گرم کرتے ہیں جب تک کہ دھوئیں کا نکلنا بند نہیں ہو جاتا۔ ٹیسٹ ٹیوب کے مواد کو پانی کے ذریعے ڈائی لیوٹ کر لیا جاتا ہے۔ اس نیست محلول کو امونیم مالبڈیٹ کے ساتھ گرم کرنے پر امونیم فاسفومالیڈیٹ کا چمکیلا زرد رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$PO_4^{-3} + 12Mo\,O_4^{-2} + 24H^+ + 3NH_4^+ \xrightarrow{\Delta} (NH_4)_3\,PO_4.\,12\,MogO_3.6H_2O$$

Ammonium phosphomolybdate
canary yellow precipirate

احتیاط

1- بعض اوقات $BaCl_2$ محلول ملانے پر پتلا سفید رسوب حاصل ہوتا ہے۔ ایسا بیریم فاسفیٹ بننے کی وجہ سے ہوتا ہے جو مرتکز HCI میں حل ہو جاتا ہے۔

2 فاسفیٹ آین کے ٹیسٹ کے دوران نمک یا اس کے آبی محلول کو مرتکز (IIN کے ساتھ گرم کرتے وقت اس میں پورسلین کا چھوٹا ٹکڑا یا جھانوا پتھر ملا لینا چاہیے تاکہ ٹیسٹ ٹیوب کے مواد کو چھلکنے سے روکا جا سکے۔

.3 مرتکز HNO کو احتیاط کے ساتھ استعمال کیجیے۔

14.5 کیٹ آئینوں کی شناخت

کیٹ آئینوں کی شناخت کے لیے (NH_4^+ آئین کے علاوہ جوصفر گروپ سے تعلق رکھتا ہے) انھیں کلورائڈوں ، سلفائڈوں، ہائڈروکسائڈوں اورکاربونیوں کی حل پذیری میں فرق کی بنیاد پر چھ گرووں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ان آئینوں میں سے کیٹ آئینوں کی کچھ ریجنٹ (جنہیں گروپ ریجنٹ کہتے ہیں) کے ذریعے ترسیب کر لیتے ہیں۔

مندرجہ ذیل جدول میں بیک ریڈیکل (کیٹ آئین) کی گرووں میں درجہ بندی گروپ ریجنٹ اورجس شکل میں ان کی ترسیب ہوتی ہے اسے مختصراً پیش کیا گیا ہے۔

گروپ	کیٹ آئین	گروپ ریجنٹ	جس شکل میں کیٹ آئین کی ترسیب ہوتی ہے
O	NH_4^+	مرتکز NaOH	کوئی رسوب نہیں بنتا گرم کرنے پر ایک بے رنگ گیس (امونیا) خارج ہوتی ہے جس میں تیکھی بوآتی ہے۔
I	Pb^{2+}	ڈائی لیوٹ HCl	کلورائڈ
II	AS^{3+} , Cu^{2+}	ڈائی لوٹ HCI کی موجودگی میں H_2S گیس	سلفائیڈ
III	Al^{3+} , Fe^{3+}	NHCI کی زیادہ مقدار کے ساتھ NH_4OH کی اضافی مقدار	ہائڈرااکسائڈ
IV	Zn^{2+} , CO^{2+} Ni^{2+} , Mn^{2+}	$NH_4Cl(s)$ اور NH_4OH کی وافر مقدار کے ساتھ $H_2S(g)$	سلفائڈ
V	Ca^{2+} , Sr^{2+} Be^{2+}	NH_4Cl اور NH_4OH کی موجودگی میں $(NH_4)_2\ CO_3$	کاربونیٹ
VI	Mg^{2+}	$NH_4H_2PO_4$	فاسفیٹ

کیٹ آئینوں کی شناخت کا کام شروع کرنے سے پہلے نمک کا محلول بنالینا چاہیے۔

اصل محلول کی تشکیل/ تیاری: ایک صاف ٹیسٹ ٹیوب میں ایک چٹکی نمک لیجیے۔اس میں 23 کشیدہ پانی ملا کر اچھی طرح ہلا یئے۔اگر نمک ٹھنڈے پانی میں حل نہیں ہوتا ہے تو مواد کو گرم کیجیے۔اگر یہ گرم پانی میں بھی حل پذیر نہیں ہے تو اس میں مرتکز 1101 کے چند قطرے ملایئے۔

احتیاط (Precautions): مرتکز HCl کو زیادہ مقدار میں مت ملایئے کیونکہ یہ کیٹ آئین تجزیہ کے دوران مشکل پیدا کرسکتا ہے۔

(a) اگر مرتکز ICl ملانے پر گیس خارج ہوتی ہے تو بلبلے یا بدبداہٹ ختم ہونے تک انتظار کیجیے اور اس کے بعد مرتکز HCl کے مزید 2-3 قطرے ملایئے۔

(b) اصل محلول تیار کرنے کے لیے صرف کشیدہ پانی کا استعمال کیجیے۔

کیٹ آئینوں (بیسک ریڈیکل) کے تجزیہ کے لیے عمومی قاعدے

(1) گروپ ریجنٹ کو باقاعدہ ترتیب میں ملانا چاہیے۔

(2) اعلیٰ گروپ والے ریڈیکل کے لیے ٹیسٹ اسی وقت انجام دینا چاہیے جب پچھلے گروپ کے ریڈیکل موجود نہ ہوں۔

(3) گروپ ریڈیکل کی مکمل ترسیب کو یقینی بنانے کے لیے گروپ ریجنٹ کی تھوڑی سی اضافی مقدار ملایئے۔

(4) جب کسی مخصوص گروپ کے لیے رسوب حاصل ہو جائے تو اسے چھان لیجیے اور تلچھٹ کو اس گروپ کے ریڈیکل کے تجزیہ کے لیے استعمال کیجیے۔ تجزیہ کرنے سے پہلے تلچھٹ کو کشیدہ پانی سے دو مرتبہ دھویئے۔

(5) کسی مخصوص گروپ میں کیٹ آئین کا پتہ لگانے کے لیے محلول کی تھوڑی سی مقدار کا استعمال کیا جاتا ہے جسے ٹیسٹ محلول کہتے ہیں۔

14.4.1 کیٹ آئین تجزیہ (Cation Analysis)

(1) صفر گروپ، امونیم آین NH_4^+

امونیم آین (NH_4^+): NaOH محلول کے ساتھ گرم کرنے پر ایک تیکھی بو والی بے رنگ گیس (امونیا) خارج ہوتی ہے۔

$$NH_4^+ + OH^- \xrightarrow{\Delta} NH_3 + H_2O$$

(امونیا) (بے رنگ)

توثیقی جانچ

گیس کو نیسلر ریجنٹ سے گزارنے پر سرخ بھورے رنگ کا رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$K_2HgI_4 \longrightarrow 2KI + HgI_2$$

نیسلر ریجنٹ

$$HgI_2 + 2NH_3 \longrightarrow Hg(NH_2)I + NH_4I$$

(امینومرکیورک آیوڈائڈ)



(b) گروپ-1(Pb^{2+})

اگر نمک کے آبی محلول میں ڈائی لیوٹ HCl ملانے یا ڈائی لیوٹ HCI میں اصل محلول بنانے کے دوران سفید رسوب حاصل ہوتا ہے تو اس سے ا(Pb^{2+}) آئینوں کی موجودگی ظاہر ہوتی ہے۔ گرم کرنے پر سفید رسوب دوبارہ حل ہو جاتا ہے اور ٹھنڈا کرنے پر اس کی باز ترسیب ہو جاتی ہے۔

$$Pb^{2+} + Cl^{-} \longrightarrow PbCl_2$$

لیڈ کلورائڈ (سفید رسوب)

نوٹ: اگر ڈائی لیوٹ HCI میں اصل محلول بنایا جاتا ہے اور گروپ-1 موجود نہیں ہے۔

(1) K1 ٹیسٹ لیڈ کلورائڈ کے گرم محلول میں KI ملانے پر زرد رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$Pb^{2+} + 2I^{-} \longrightarrow PbI_2 \downarrow$$

لیڈ آیوڈائڈ (زرد رسوب)

(2) پوٹاشیم کرومیٹ ٹیسٹ لیڈ کلورائڈ کے گرم محلول میں K،Cro ملانے پر زرد رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$Pb^{2+} + CrO_4^{2-} \longrightarrow PbCrO_4 \downarrow$$

لیڈ کرومیٹ (زرد رسوب)

(C) گروپ II: AS^{3+} , Cu^{2+}

تیزابی اصل محلول سے ہائڈروجن سلفائڈ گیس گزارنے پر رسوب حاصل ہوتا ہے۔ اس سے Cut آئینوں کی موجودگی ظاہر ہوتی ہے۔

$$M^{2+} + S^{2-} \longrightarrow MS \downarrow$$

دھاتی سلفائڈ

(1) اگر ٹیسٹ محلول کو ڈائی لیوٹ کرنے کے باوجود بھی کوئی رسوب نہیں بنتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ گروپ-II موجود نہیں ہے۔

(2) دانے دار رسوب حاصل کرنے کے لیے گرم محلول سے 3-2 منٹ تک H_2S گزارا ہے۔

Cu^{2+} این کی توثیقی جانچ: CuS: کے سیاہ رسوب کو ڈائی لیوٹ HNO_3: کے ساتھ گرم کرنے پر نیلے رنگ کا محلول حاصل ہوتا ہے۔

$$3CuS + 8\,HNO_3 \longrightarrow 3Cu(NO_3)_2 + 3S + 2NO \uparrow + 4H_2O$$

کاپر نائٹریٹ (نیلا رنگ)

(1) امونیم ہائڈرا کسائڈ ملانے پر رسوب حاصل ہوتا ہے جو اضافی ریجنٹ ملانے پر حل ہو جاتا ہے اور گہرے نیلے رنگ کا محلول حاصل ہوتا ہے۔

$$Cu^{2+} + 2OH^- \longrightarrow Cu(OH)_2$$

کاپر ہائڈرا کسائڈ (نیلا رسوب)

$$Cu(OH)_2 + 4NH_3 \longrightarrow [Cu(NH_3)_4]SO_4$$

ٹیٹرا امین کیوپرک سلفیٹ (گہرا نیلا رنگ)

(2) خیلے محلول میں پہلے ایسیلک ایسڈ اور اس کے بعد پوٹاشیم فیروسائنائڈ ملانے پر چاکلیٹی بھورے رنگ کا رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$2Cu^{2+} + K_4[Fe(CN)_6] \longrightarrow Cu_2[Fe(CN)_6] + 4K$$

کاپر فیروسائنائڈ

(چاکلیٹی بھورا رسوب)

آرسینک آین AS^{3+} کی توثیقی جانچ

نمک محلول میں H_2S گزارنے پر زرد رسوب حاصل ہوتا ہے۔ یہ رسوب زرد امونیم سلفائڈ میں حل ہو کر امونیم تھایو آرسینیٹ بناتا ہے۔

$$As_2O_3 + 3(NH_4)_2Sx \longrightarrow 2(NH_4)2AsS_4$$

محلول میں ڈائی لیوٹ HCI ملانے پر زرد رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$(NH_4)_2AsS_4 + 6HCl \longrightarrow As_2S_3 + 6NH_4Cl + H_2S$$

زرد رسوب

اس رسوب کو مرتکز HNO_3 میں حل کیجیے اور پھر امونیم مالبڈ یٹ ملایئے۔ چنچکدار زرد رسوب حاصل ہوتا ہے جو آئنوں کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

$$As_2O_3 + 12HNO_3 \longrightarrow 2H_3AsO_4$$

$$H_3AsO_4 + 12(NH_4)_2MoO_4 + 21HNO_3 \longrightarrow (NH_4)AsS_4.12MoO_3 + 2NH_4NO_3$$

زرد رسوب + $12H_2O$

(d) گروپ III (Fe^{3+} آین)

ابتدائی ٹیسٹ: اصل محلول میں تھوڑا سا مرتکز HNO_3 ملایئے اور Fe^{2+} کی Fe^{3+} میں تکسید ہونے تک ابالیے۔ آپ اس میں تھوس NH_4CI کی اضافی مقدار ملایئے اور پھر اس کے بعد امونیم ہائڈرا کسائڈ کی اضافی مقدار ملایئے۔ سفید یا سرخ بھورے رنگ کا

رسوب حاصل ہوتا ہے۔ یہ رسوب Fe^{3+} آئینوں کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔
نوٹ: NH_4OH کو بہت زیادہ مقدار میں ملانے سے گروپ III سے تعلق رکھنے والے رسوب حل ہونے لگیں گے لہذا اس سے گریز کیا جائے۔
Fe^{3+} آئینوں کی توثیقی جانچ $Fe(OH)_3$ کے لال بھورے رسوب کو ڈائی لیوٹ HCl میں حل کرنے پر زرد رنگ کا محلول حاصل ہوتا ہے۔

$$Fe(OH)_3 + 3HCl \longrightarrow FeCl_3 + 3H_2O$$

زرد محلول

(1) زرد محلول میں $K_4[Fe(CN)_6]$ ملانے پر پروشیائی نیلا رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$4Fe^{3+} + 3K_4[Fe(CN)_6] \longrightarrow Fe_4[Fe(CN)_6]_3 + 12K^+$$

پروشیائی نیلا

(2) زرد محلول میں KCNS ملانے پر سرخ رنگ کا محلول حاصل ہوتا ہے۔

$$Fe^{3+} + 3SCN^- \longrightarrow [Fe(SCN)_3]$$

فیرک تھایوسائنیٹ
(سرخ رنگ)

(e) گروپ IV کا تجزیہ (Zn^{2+}, Mn^{2+} & Ni^{2+} ions)

ابتدائی جانچ: اصل محلول لیجیے اور اسے قلوی بنانے کے لیے محلول میں ہائڈروجن سلفائڈ گیس (H2S) کو گزاریے، ایک رسوب حاصل ہوتا ہے۔
سفید رسوب کا بنا Zn^{2+} آئینوں کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔
بف (گوشت کے رنگ جیسا) رسوب کی تشکیل Mn^{2+} آئینوں کی موجودگی کو ظاہر کرتی ہے۔
سیاہ رنگ کے رسوب کا بننا Ni^{2+} کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

$$M^{2+} + S^{2-} \longrightarrow MS$$

دھاتی سلفائڈ

نوٹ: (1) ہائڈروجن سلفائڈ گیس کو ہمیشہ آہستہ آہستہ گزارنا چاہیے۔ بصورت دیگر کپس اپریٹس سے Fes کی تلچھٹ ٹیسٹ محلول میں داخل ہوجائے گی اور ابہام پیدا ہوگا۔
(2) محلول H_2S گزرنے سے پہلے امونیا کی بو آجانی چاہیے۔

Co^{2+} آئینوں کی توثیقی جانچ

نمک کے اصل محلول میں NH_4Cl اور NH_4OH ملائیے۔اب CH_3COOH کے ساتھ تیزابی بنائے گئے KNO_2 کو اس میں ملائیے۔زرد رسوب Co^{2+} آئینوں کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

$$CH_3COOH + KNO_2 \longrightarrow CH_3COOH + HNO_2$$

$$Co(NO_2)_2 + 2HNO_2 \longrightarrow Co(NO_2) + H_2O + NO$$

$$Co(NO_2)_3 + 3KNO_2 \longrightarrow K_3[Co(NO_2)_6]$$

یا محلول میں H_2S گزارنے پر سیاہ رسوب بنتا ہے۔اس رسوب کو ایکوا رجیا ($HCl: HNO_3$ 3:1) میں حل کیجیے۔آبی NH_3 کے ذریعے تعدیلی بنائیے۔اب اس میں NH_4SCN ملائیے۔نیلا رنگ ظاہر ہوجائے گا جو Co^{2+} آئینوں کی موجودگی کی علامت ہے۔

Zn^{2+} آئین کی توثیقی جانچ

ZnS کے سفید رسوب کو ڈائی لیوٹ HCl میں حل کرنے پر ایک بے رنگ محلول حاصل ہوتا ہے جس سے H_2S گیس خارج ہوتی ہے۔

$$ZnS + 2HCl \longrightarrow ZnCl_2 + H_2S \uparrow$$

(1) NaOH کی تھوڑی سی مقدار ملانے پر سفید رسوب حاصل ہوتا ہے جو اضافی NaO11 میں حل پذیر ہے۔

$$Zn^{2+} + 2OH^- \longrightarrow Zn(OH)_2$$

زنک ہائڈروکسائڈ (سفید رسوب)

$$Zn(OH)_2 + 2OH^- \longrightarrow [Zn(OH)_4]^{2-}$$

ٹیٹرا ہائڈروکسوزنکیٹ (II) آئین

(2) ZnS اور HCL کے محلول میں پوٹاشیم فیروسائنائڈ ملانے پر خاکستری سفید رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$2Zn^{2+} + K_4[Fe(CN)_6] \longrightarrow Zn_2[Fe(CN)_6] + 4K$$

خاکستری سفید رسوب

Mn^{2+} آئین کی توثیقی جانچ

Mns کے رسوب کو ڈائی لیوٹ 1101 میں حمل کیجیے۔

$$MnS + 2HCl \longrightarrow MnCl_2 + H_2S$$

ہائڈروجن سلفائڈ گیس کو ابال کر بنا دیجیے۔حاصل محلول میں NaOH ملانے پر $Mn(OH)_2$ کا سفید رسوب حاصل ہوتا ہے۔رسوب کو جب ہوا میں رکھتے ہیں تو یہ بہت تیزی سے تکسید ہوکر بھورا رنگ ظاہر کرتا ہے۔

$$Mn^{2+} + 2OH^- \longrightarrow Mn(OH)_2$$

مینگنیز ہائڈروکسائڈ

(سفید رسوب)

$$Mn(OH)_2 + O_2 \longrightarrow MnO_2H_2O$$

ہائڈریٹڈ مینگنیز ڈائی آکسائڈ

(بھورا رسوب)

Ni^{2+} آئین کی توثیقی جانچ:

NiS کا سیاہ رسوب گرم مرتکز:(INC) میں حل ہوکر ہلکے سبز رنگ کا محلول بناتا ہے اس محلول میں ONH اور ڈائی میتھائل گلائی آکسیم ریجنٹ ملانے پر نکل ڈائی میتھائل گلائی آکسیم کا سرخ رسوب بنتا ہے۔

$$3NiS + 2HNO_3 + 6H^+ \rightarrow 3Ni_2 + 2NO + 4H_2O + 3S\downarrow$$



Nickel dimethylglyoxime Cherry red precipitate

(b گروپ V $(Ca^{2+}ion)$

ابتدائی جانچ: اصل محلول میں ایک چٹکی NH_4CI ملاتے ہیں۔ محلول کو قلوی بنانے کے لیے NH_4OH کو زیادہ مقدار میں ملایئے اور پھر اس میں تازہ تیار کیا گیا $(NH_4)_2\ CO_3$ محلول ملایئے۔ سفید رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$M^{2-} + CO_3^{2+} \rightarrow MCO_3$$

Metal carbonate (white precipitate)

سفید رسوب ایسیٹک ایسڈ میں حل پذیر ہے۔

$$MCO_3 + 2CH_3COOH \rightarrow M(CH_3COO)_2 + H_2O$$

Metal acetate (Colourless)

اس محلول میں امونیم آگزیلیٹ ملانے پر کیلیشم آگزیلیٹ کا سفید رسوب حاصل ہوتا ہے۔

$$Ca(CH_3COO)_2 + (NH_4)_2C_2O_4 \rightarrow CaC_2O_4 + 2CH_3COO\ NH_4$$

(Clacium oxalate (white precipitate)

14.6 تجربہ کوکس طرح انجام دینا ہے

کیفیتی جانچ کا جدولی اظہار

14.6.1 ایسڈ ریڈیکل (Acid Radicals)

(1) ورک شیٹ نمبر 1: کاربونیٹ آئین (CO_3^{2-})

سلفائڈ آئین (S^2) اور

نائٹرائٹ آئین (NO_2^-)

	تجربہ	مشاہدہ	نتیجہ
(1)	کاربونیٹ آئین ایک صاف ستھری ٹیسٹ ٹیوب میں دیے ہوئے نمک کی تھوڑی سی مقدار ہے اور اس میں ImL ڈائی لیوٹ H_2SO_4 ملایئے۔ لائم واٹر ٹیسٹ: خارج ہونے والی گیس کو 2-3 چونے کے پانی سے گزارا ہے	تیزی کے ساتھ گیس خارج ہوتی ہے۔ چونے کا پانی دودھیہ ہوجاتا ہے۔	کاربونیٹ (CO) موجود ہو سکتا ہے۔ (CO_3^{2-}) موجود ہے۔
(2)	سلفائڈ آئین (S^{2-}) دیے ہوئے نمک کی تھوڑی سی مقدار ایک صاف ٹیسٹ ٹیوب میں لے کر اس میں ImL ڈائی لیوٹ H_2SO_4 ملایئے۔ (1) توثیقی جانچ ایڈ ا ریٹریٹ میں بھیگے ہوئے فلٹر پیپر کے ٹکڑے کو ٹیسٹ ٹیوب کے منھ کے پاس لایئے۔	بے رنگ گیس خارج ہوتی ہے جس میں سڑے ہوئے انڈے جیسی بو آتی ہے۔ فلٹر پیپر سیاہ ہوجاتا ہے	سلفائڈ (S^{2-}) موجود ہوسکتا ہے۔ سلفائڈ (S^{2-}) موجود ہے۔
	(11) سوڈیم نائٹرو پروسائڈ ٹیسٹ نمک کے آبی محلول کی 2ml مقدار میں Iml تازہ تیار کیا ہوا سوڈیم نائٹرو پروسائڈ محلول ملایئے اور آمیزہ کو اچھی طرح ہلائے۔	سرخ رنگ حاصل ہوتا ہے۔	سلفائڈ (S^{2-}) آین موجود ہے۔

(3)	نائٹریٹ آین (NO_2^-) آئین دیے ہوئے نمک کی تھوڑی سی مقدار ایک صاف ستھری ٹیسٹ ٹیوب میں لیجیے اور اس میں Iml ڈائی لیوٹ H_2SO_4 ملائیے۔ KI اور اسٹارچ کے آمیزہ میں بھیگے ہوئے فلٹر پیپر کے ذریعے ابتدائی ٹیسٹ میں خارج ہونے والی گیس کی جانچ کیجیے۔	تیکھی بو والی بھورے رنگ کی گیس خارج ہوتی ہے۔ نیلا کالا بنفشی رنگ حاصل ہوتا ہے۔	نائٹرائٹ (NO_2^-) آئین موجود ہوسکتا ہے۔ نائٹرائٹ (NO_2^-) آئین موجود ہے۔

ورک شیٹ نمبر 2 کلورائڈ آئین (Cl^-)، برومائڈ آئین (Br)، آیوڈائڈ آئین (I^-) اور نائٹریٹ آئین (NO_3^-)

تجربہ	مشاہدہ	نتیجہ
(A) کلورائڈ آئین (Cl^-) دیا ہوئے نمک کی تھوڑی سی مقدار ایک صاف اور خشک ٹیسٹ ٹیوب میں لیجیے۔ اس میں مرتکز کی 3-2 بوندیں احتیاط سے ملائیے۔ ٹیسٹ ٹیوب کو گرم کیجیے۔	تیکھی بو والی بے رنگ گیس خارج ہوتی ہے۔	کلورائڈ آئین (Cl^-) موجود ہوسکتا ہے۔

(1) کرومائل کلورائڈ ٹیسٹ : (1) ایک خشک اور صاف ٹیسٹ ٹیوب میں نمک اور ٹھوس ہے پوتاشیم وائی کرومیت کو 3:1 کی نسبت میں لیجیے۔ اس میں مرتکز H_2SO_4 کے 4-3 قطرے ملائیے اور تیزی سے گرم کیجیے۔ (ii) خارج ہونے والی گیس کو NaOH محلول سے گزاریے اور اچھی طرح ہلائیے۔	نارنجی زرد دھواں خارج ہوتا زرد رنگ کا محلول حاصل ہوتا	
(iii) مذکورہ بالا محلول کو ایسیٹک ایسڈ کے ذریعے تیزابی بنائیے اور NaOH کی مدد سے تعدیل کر لیجیے۔ اب اس میں لیڈ ایسیڈیٹ محلول ملائیے اور اچھی طرح ہلائیے۔	زرد رسوب بنتا ہے	(Cl^-) موجود ہے۔
